Government of Karnataka

ماحولیاتی مطالعہ

ENVIRONMENTAL STUDIES

درسی کتاب مع مشقیہ

TEXT CUM WORK BOOK

ترمیم شدہ

(REVISED)

اُردو میڈیم

URDU MEDIUM

4

چوتھی جماعت کے لئے

FOURTH STANDARD

حصّۂ اوّل

PART-1

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

© KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

Preface

The Textbook Society, Karanataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi prepared which in turn are designed based on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there are the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- connecting knowledge to life activities.
- learning to shift from rote methods.
- enriching the curriculum beyond textbooks.
- learning experiences for the construction of knowledge.
- making examinations flexible and integrating them with classroom experiences.
- caring concerns within the democratic policy of the country.
- making education relevant to the present and future needs.
- softening the subject boundaries-integrated knowledge and the joy of learning.
- the child is the constructor of knowledge.

The new books are produced based on three fundamental approaches namely, Constructive Approach, Spiral Approach and Integrated Approach.

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Young learners in their initial stages of learning i.e., between the ages of 5 and 10, acquire most of the concepts which they need in consolidating learning in later stages. If this learning is properly planned and well executed in the classroom, children may find learning easy and enjoyable.

Based on these principles, in the early stages from class 1 to 5, the following subject areas have been introduced- Mother tongue, state language, English as a practice language, mathematics and environmental studies. Environmental studies include science and social science related to their daily life experiences, information about their environment, society, country, their duties and rights. These topics are presented through interesting situations and activities. Opportunities have been provided for self learning and creativity. In this stage importance is given to children sitting in pairs and groups and exchange their experiences. The efforts have been made to make illustrations colourful, attractive and meaningful. Teachers are expected to make use of these and help children learn meaningfully and with pleasure. The textbooks aim at making learning interesting, enjoyable and satisfying.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Prof. G.S. Mudambadithaya
Coordinator
Curriculum Revision and
Textbook Preparation,
Karnataka Textbook Society (R),
Bengaluru, Karnataka

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R),
Bengaluru, Karnataka

About the book

This text book is developed based on the guidelines of the National Curriculum Frame work(NCF-2005), set by the National Council of Educational Research and Training(NCERT) considering the progress in the research and development and the new challenges that humankind is likely to face in the years to come.

While attempting to adopt the NCF 2005 framework to the text books of 'Environmental Studies' for classes 3 and 4 for the State of Karnataka, we have taken into account the socio-economic, environmental and cultural aspects of the State for easy connect and better understanding. We have tried integrating the science and social science concepts by softening the subject boundaries in the text books of Environmental Studies. The idea is that the children should view the natural and the social environments in a holistic manner from the beginning of the school education. We have included a wide range of topics from family to plants and animals to festival on the lines of the NCF 2005 guidelines.

As students move from 2nd standard to higher standards, their observation skills using their senses to gather and record information improve. During this stage, the students are able to observe, explore, experiment, read, write, possess the knowledge of numbers, appreciate, empathise and ask questions about their immediate environment. They start understanding the perspectives. Students discover wider range of things and phenomena, though still predominantly focused on their immediate environment and day-to-day experiences. They begin to make links and apply knowledge of environment to their daily life. Considering these developments, we have introduced some of the basic concepts of their immediate natural and social environment in the textbooks. We have designed these books with the objective of familiarizing children with their surroundings / local knowledge so that they start appreciating the environment they are living in and value every component that comes with it. We also have included simple activities involving observation, measurements, analysis, synthesis to engage them in the learning process and make the learning exciting and participative. The idea is also to stimulate children to enquiry - based learning. We have tried our best to make these books gender neutral in terms of language and presentation of the concepts. At the beginning of every lesson, we have given the competencies that the children should develop after each lesson, to help teachers facilitate the learning process. We have made the books as attractive as possible with illustrations. This has an added advantage of making communication simple and easy.

While the thought provoking para of Rabindranath Tagore from 'Civilization and Progress', which NCF 2005 opens with, is indeed inspiring for every teacher to search and adopt new and innovative teaching-learning approaches, encouraging children's creative spirit and enquiry-based learning, we welcome comments and suggestion from the teachers, parents and public for further refinement.

Environment Education is that Education of the Environment, through the Environment and for the Environment', natural and socia.

Dr. R. Shailaja,
Chairperson, Text Book Committee.

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

About the Revision of Textbooks

Honourable Chief Minister Sri Siddaramaiah who is also the Finance Minister of Karnataka, in his response to the public opinion about the new Textbooks from standard I to X, announced, in his 2014-15 budget speech of constituting an expert-committee, to look into the matter. He also spoke of the basic expectations there in, which the textbook experts should follow: " The textbooks should aim at inculcating social equality, moral values, development of personality, scientific temper, critical acumen, secularism and the sense of national commitment", he said.

Later, for the revision of the textbooks from class I to X, the Department of Education constituted twenty seven committees and passed an order on 24-11-2014. The committees so constituted were subject and class-wise and were in accordance with the standards prescribed. Teachers who are experts in matters of subjects and syllabi were in the committees.

There were already many complaints, and analyses about the textbooks. So, a freehand was given in the order dated 24-11-2014 to the responsible committees to examine and review text and even to prepare new text and revise if necessary. Eventually, a new order was passed on 19-9-2015 which also gave freedom even to re-write the textbooks if necessary. In the same order, it was said that the completely revised textbooks could be put to force from 2017-18 instead of 2016-17.

Many self inspired individuals and institutions, listing out the wrong information and mistakes there in the text, had send them to the Education Minister and to the Textbook Society. They were rectified. Before rectification we had exchanged ideas by arranging debates. Discussions had taken place with Primary and Secondary Education Teachers' Associations'. Questionnaires were administered among teachers to pool up opinions. Separate meetings were held with teachers, subject inspectors and DIET Principals. Analytical opinions had been collected. To the subject experts of science, social science, mathematics and languages, textbooks were sent in advance and later meetings were held for discussions. Women associations and science related organistations were also invited for discussions. Thus, on the basis of all inputs received from various sources, the textbooks have been revised where ever necessary

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Another important aspect has to be shared here. We constituted three expert committees. They were constituted to make suggestions after making a comparative study of the texts of science, mathematics and social science subjects of central schools (NCERT), along with state textbooks. Thus, the state text books have been enriched based on the comparative analysis and suggestions made by the experts. The state textbooks have been guarded not to go lower in standards than the textbooks of central school. Besides, these textbooks have been examined along side with the textbooks of Andhra Pradesh, Kerala, Tamil Nadu and Maharashtra states.

Another clarification has to be given here. Whatever we have done in the committees is only revision, it is not the total preparation of the textbooks. Therefore, the structure of the already prepared textbooks have in no way been affected or distorted. They have only been revised in the background of gender equality, regional representation, national integrity, equality and social harmony. While doing so, the curriculum frames of both central and state have not been transgressed. Besides, the aspirations of the constitution are incorporated carefully. Further, the reviews of the committees were once given to higher expert committees for examination and their opinions have been effected into the textbooks.

Finally, we express our grateful thanks to those who strived in all those 27 committees with complete dedication and also to those who served in higher committees. At the same time, we thank all the supervising officers of the Textbook Society who sincerely worked hard in forming the committees and managed to see the task reach its logical completion. We thank all the members of the staff who co-operated in this venture. Our thanks are also due to the subject experts and to the associations who gave valuable suggestions.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Sri M.P. Madegowda,
Managing Director
Karnataka Textbook Society(R)
Bengaluru

Prof. Baraguru Ramachandrappa
Chairman-in-Chief
Textbook Revision Committees
Karnataka Textbook Society(R)
Bengaluru.

Revision Committee

Chairman-in-Chief :

Prof. Baraguru Ramachandrappa, State Textbook Revision Committees, Karnataka Textbook Society, Bengaluru.

Chairperson :

Dr.S.Shishupala, Professor and Chairman, Department of microbiology, Davanagere University, Davanagere .

Members:

Smt.K. Mamatha, Asst. teacher, GHS, Kengeri Upanagara, Bengaluru.

Sri K.S. Gireesh, Asst. teacher, GHS, Jalige, Devanahalli Tq., Bengaluru Rural Dist.

Smt. G. Renuka, Asst. teacher, GHS, Honnashettihally, Gubbi Tq., Tumakuru Dist.

Smt. R.N. Vasantha Sujay, Asst. teacher, GHS, Hebbala, Bengaluru.

Smt. A. Lakshmidevi, Asst. teacher, GHPS, Kaveripura, Bengaluru.

Smt. B. Hemalatha, Asst. teacher, GLPS, K. Narayanapura, Bengaluru.

Artist :

Sri U. Hazarat Ali., Lecturer, Department of Fine Arts,Tumakur University, Tumakuru.

High Power Review Committee Members :

Dr. T.R. Anantharamu, Senior Scientist(Retd.), Geological Survey of India, Bengaluru.

Prof. V.S. Vatsala, Principal (Retd.), M.E.S College, Malleswaram, Bengaluru.

Dr. G.M. Nijaguna, Principal (Retd.), Vijaya College, Basavanagudi, Bengaluru.

Prof. K.S. Nataraj, Professor of Physics(Retd.), National College, Jayanagara, Bengaluru.

Translators :

Sri Bahadur Khan, Head Master (Retd.), RMV, 2nd Stage, Bengaluru.

Smt. Sayeda Fasiha Banu, Asst. teacher, Govt. Urdu HPS, Hossur, Gowribidanur Tq, Chikkaballapara Dist.

Sri Ameer Khan, Head Master,GUHPS, Mathi Koti, Shivamogga District.

Chief Advisors :

Sri M.P. Madegowda, Managing Director, Karnataka Textbook Society, Bengaluru.

Smt. M.D. Usha, Deputy Director, Karnataka Textbook Society, Bengaluru.

Programme Co-ordinator:

Sri Ashwatha Narayana K.N, Senior Assistant Director, KTBS, Bengaluru.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

فہرست مضامین .....

نمبر شمارہ	اسباق کے نام	صفحہ نمبر
1	عالم حیوانات	1-9
2	شہد	10-18
3	جنگل کی سیر	19-29
4	جڑ.....پودے کا سہارا	30-34
5	رنگ برنگے پھول	35-40
6	بوند.....بوند.....پانی	41-56
7	پانی کی آلودگی.....تحفظ	57-62
8	غذا اور صحت	63-77
9	غذائی عادات	78-87
10	رہائش اور اس کے اقسام	88-97
11	ناکارہ اشیاء	98-111
12	نقشہ سیکھو سمت معلوم کرو (رُخ کو پہچانو)	112-120

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

P4V8E8

سبق:1

عالمِ حیوانات

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- انسانوں اور حیوانوں میں پائے جانے والے مماثلات اور اختلافات کو پہچانو گے۔
- انسانوں اور حیوانوں کے درمیان تعلقات (انحصار) کو پہچانو گے۔


1) _____

2) _____

3) _____

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

آپ نے گذشتہ جماعتوں میں حیوانات کے بارے میں پڑھا ہے۔ پرندے کیڑے مکوڑے بھی حیوانات ہی ہیں۔ کیا تم جانتے ہو کہ ہم انسان بھی حیوانات کے گروہ میں شامل ہیں؟ اپنے اطراف پائے جانے والے حیوانات پر غور کرو۔ حیوانات اور تمہارے درمیان مماثلت کو پہچانو۔





درج بالا تصاویر کو دیکھو اور پہچانو۔ گائے اور تمہارے درمیان موجود اختلافات کا مشاہدہ کرو۔

ان اختلافات کو درجِ ذیل جدول میں لکھو۔

میں	گائے

جویریہ چوتھی جماعت کی ایک ہونہار طالبہ ہے۔اس نے اپنے اساتذہ کے ہمراہ سیر وتفریح کے دوران دیکھے گئے حیوانات کی فہرست تیار کی ہے۔لیکن وہ ان حیوانات کی جسامت۔رنگت۔غذااور رہائش سے متعلق لکھنا بھول گئی ہے۔آپ اُسے پُر کرو۔

نمبر شمار	حیوانات کے نام	جسامت	رنگت	غذا	رہائش
.1	گائے				
.2	مچھلی				
.3	بگلہ				

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

.4	تتلی				
.5	بندر				
.6	گرگٹ				
.7	خرگوش				
.8	ٹڈّا				
.9	کچھوا				
.10	چمکاڈر				

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کرو۔

- مچھلی جیسے جاندار _____ میں رہتے ہیں۔
- بندر ، پرندے ،حشرات _____ پر رہتے ہیں۔
- کئی جاندار جیسے _____ اور _____ زمین پر بستے ہیں۔

مختلف جاندار مختلف قسم کی غذا کھاتے ہیں:

- گھاس پتے اور دیگر پیڑ پودوں کے حاصلات کو کھانے والے جاندار _____ کہلاتے ہیں۔
- گوشت ۔انڈے اور دیگر حیوانات کے حاصلات کو کھانے والے جانداروں کو _____ کہتے ہیں۔
- پیڑ پودے اور حیوانات دونوں کے حاصلات کو کھانے والے جانداروں کو _____ کہتے ہیں۔

تمہارے اطراف دکھائی دینے والے مختلف جانداروں کی جسامت پر غور کرو۔

تمہارے گھر کے آنگن میں تھوڑے دانے ڈالو اور تھوڑی دور پر بیٹھ کر دانے کھانے کے لئے آئے ہوئے پرندے۔کیڑے۔مکوڑوں کی شکل وجسامت پر غور کرو۔

استعمال کے لئے دودھ کن کن جانوروں سے حاصل کیا جاتا ہے؟

_____

- تمہارے گھر میں استعمال ہونے والی غذائی اشیاء کی فہرست تیار کرو۔فہرست میں جانوروں سے حاصل کردہ غذائی اشیاء کے اطراف دائرہ کھینچو۔

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

- جانوروں کے کوئی پانچ فوائد درج کرو۔

_____


_____

_____

_____

_____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



درج بالا تصویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ جانور کس طرح ہمارے لئے فائدہ مند ہیں۔ خالی جگہوں میں ان فوائد کو لکھو۔


کیا تم نے اپنے گھر میں جانور پال رکھے ہیں؟ ان کی دیکھ بھال کس طرح کرو گے؟

_____

_____

عتیق اور عرفان دوست ہیں۔ عرفان سے ملنے کے لئے عتیق اس کے گھر آیا ہوا ہے۔ لیکن یہاں پر ایک مسئلہ ہے۔ ایک کتّا عرفان کے گھر کی نگرانی کر رہا ہے۔ کتّے سے بچتے ہوئے عرفان کے گھر کی دہلیز تک پہنچنے میں عتیق کی مدد کرو۔





NOT TO BE PUBLISHED

مناسب جوڑ لگاؤ۔


نمبر شمار	جانوروں کے نام	فائدہ
.1	بیل	اون
.2	بھینس	ہل چلانا
.3	بکرا	شہد
.4	مرغی	دودھ
.5	گھوڑا	مردہ خور (ماحول کی صفائی)
.6	شہد کی مکھی	یکّہ
.7	مچھلی	انڈہ
.8	شاہین	پانی میں موجود کیڑے کھانا (پانی کی صفائی)


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خود کرو:

ہاتھی کا مکھوٹہ بنانے کے لئے چند ہدایتیں پیش ہیں۔

1) کسی دستی کاغذ پر ہاتھی کی شکل کھینچئے۔ جیسا کہ خاکہ میں بتایا گیا ہے۔ اس مکھوٹے کی جسامت تمہارے میرے سے تھوڑی بڑی ہونی چاہیئے۔ آنکھوں کے لئے دو سوراخ کی نشاندہی کرو۔ اوران کو کاٹتے ہوئے دو سوراخ بناؤ۔






2) دوسرے دستی کاغذ پر کان کی شکل بنا کر کاٹو۔ جیسا کہ خاکہ میں بتایا گیا ہے۔
چہرہ اور کانوں میں رنگ بھرو اور کانوں کو ان کی جگہ پر چسپاں کرو۔

3) ہاتھی کی سونڈ بنانے کے لئے ایک لمبا کاغذ لو اور اس میں رنگ بھرو۔ اس کاغذ کو لمبائی کی جانب سے درمیان میں جوڑ دو۔ ایک جانب تھوڑی چوڑائی رکھتے ہوئے کاٹو۔

خاکہ میں بتلائے گئے طریقے سے کسی بھی ایک سرے سے سلوٹیں بناؤ۔ ان سلوٹوں کو تھوڑی دیر پکڑ کر رکھو اور چھوڑ دو۔





چوڑائی والے حصّے کو منہ کی جانب چسپاں کرو۔ اور اس مکھوٹے کے دونوں جانب دو سوراخ بناؤ۔ اور دھاگہ دونوں سے پار کرتے ہوئے باندھو۔

4) اب آپ کا ہاتھی کا مکھوٹہ تیار ہے۔ اس کو پہن کر کھیلو۔




(اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر مختلف قسم کے جانوروں کے مکھوٹے بناؤ اور خوشی مناؤ۔)

© KRBS NOT TO BE REPUBLISHED

میں کون ہوں؟

• رنگ برنگے پر ہیں میرے میں ہوں ایک دیہاتی گھڑیال	
• میں ہوں بڑے پیٹ والا جس کے آگے بھی ایک دُم اور پیچھے بھی ایک دُم	
• نازک سا خوبصورت جسم ہے میرا لمبے لمبے کان ہیں میرے چھوٹی چھوٹی مونچھیں میری۔ پھدک پھدک کر چلتا ہوں میں۔	
• اونچے درختوں تک چڑھتی ہوں میں جہاں کوئی دوسرا چڑھ نہیں سکتا۔	
• شیر کی ہوں میں خالہ اماں چوہوں کو میں کھاتی ہوں۔	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

معلوم کرلیں:

- ہندوستان کا قومی جانور شیر ہے۔ جس کی تعداد گھٹتی جارہی ہے۔ شیر کے تحفظ کے لئے حکومت کی جانب سے ایک منصوبہ بنایا گیا ہے۔ جو پروجکٹ ٹائگر کہلاتا ہے۔
- عالمِ حیوانات میں حشرات کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔
- چیتا فی گھنٹہ 100 کلومیٹر کی رفتار سے دوڑتا ہے۔
- 33 میٹر لمبائی والا نیلا وھیل ہی عالم حیوانات میں سب سے بڑا جاندار ہے۔
- چند جاندار جیسے رنگ بدلو گرگٹ اپنی جان بچانے کے لئے جس شئے پر ہوتا ہے اسی شئے کی رنگت حاصل کرلیتا ہے۔

☆☆☆

Q6G1P2

سبق:2


شہد

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- حیوانی رویّہ کا مشاہدہ کرو گے۔
- شہد کو اکٹھا کرنے کا طریقہ اور اس کے استعمالات کے متعلق جان پاؤ گے۔

بچّے میلے سے بتاشے کھاتے ہوئے گھر واپس آ رہے تھے۔ راستے میں گرے بتاشے کے ٹکڑوں کے اطراف چند چیونٹیاں جمع ہو گئیں اور بتاشے کے ٹکڑے کھانے لگیں۔

فاطمہ: وہاں دیکھو سعدیہ! چونٹیاں بتاشے کے ٹکڑوں کو کیسے گھیری ہوئی ہیں۔



سعدیہ: ہاں فاطمہ۔ وہ کیسے مل جل کر اپنی غذا لے جا رہی ہیں۔

حامد : وہاں دیکھو ۔ بلّی کے بچّے کتنے خوبصورت ہیں!

NOT TO BE @KBS REPUBLISHED

فاطمہ: بلّی کے بچّے کتنے سفید ہیں؟

بلّی اپنے بچّوں کو پیار سے چاٹ رہی ہے۔



سعدیہ: کیا حیوانات بھی انسانوں کی طرح مل جل کر زندگی بسر کرتے ہیں؟

حامد : ہاں، میرے والد کا کہنا ہے کہ اکثر حیوانات مل جل کر زندگی بسر کرتے ہیں۔ میں ایک مرتبہ ناگر ہولے جنگل گیا تھا۔ وہاں میں نے ہرنوں اور ہاتھیوں کا جھُنڈ دیکھا۔ میں نے شیر کو بھی دیکھا جو اکیلا سو رہا تھا۔



© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

فاطمہ: وہاں دیکھو کُتے روٹی کے لئے کیسے لڑ رہے ہیں؟

سعدیہ: آسماں کی طرف دیکھو۔ پرندے کیسے مل جل کر اُڑ رہے ہیں؟



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حامد: ہاں سعدیہ ۔ درخت پر دیکھو۔ درخت پر بندریا بیٹھی ہے۔

فاطمہ: بندریا کا بچہ اپنی ماں کے پیٹ سے چپکا ہوا ہے۔



سعدیہ: کیا بندریا کا بچّہ گر جائے گا؟

حامد: نہیں، بندریا کے بچہ نے اپنی ماں کو مضبوطی سے پکڑ رکھا ہے۔

سعدیہ: حامد وہاں دیکھو! مرغی اپنے چوزوں کو غذا تلاش کرنے کا طریقہ سکھلا رہی ہے۔



ان بچوں کی طرح تم بھی اپنے اطراف کے حیوانات کے رویّہ پر غور کرو۔

فاطمہ: یہاں شہد کی مکھی دیکھو! وہ پھول سے رس چوس رہی ہے۔



© TBS NOT TO BE REPUBLISHED

سعدیہ : آؤ، شہد کی مکھّی سے ملاقات کریں۔

حامد : اے شہد کی مکھّی، تیرا چھتّہ کہاں ہے؟

شہد کی مکھی: وہاں دیکھو، اس درخت پر میرا چھتّہ ہے۔



حامد : ہمیں وہاں صرف شہد کی مکھیّاں نظر آ رہی ہیں۔

شہد کی مکھّی: یہ میرا خاندان ہے۔

فاطمہ : کیا ! تمہارا خاندان اتنا بڑا ہے؟

شہد کی مکھی : ہاں، میرے خاندان میں ہزاروں شہد کی مکھیّاں ہوتی ہیں۔ ان میں ایک ملکہ اور باقی تمام مزدور مکھیّاں ہیں۔ چھتّہ بنانا، شہد اکٹھا کرنا اور ملکہ مکھّی کی دیکھ بھال کرنا وغیرہ مزدور مکھیاں کرتی ہیں۔ ملکہ مکھّی کا کام صرف انڈے دینا ہے۔

سعدیہ : واہ !

حامد : تمہارا چھتّہ دیکھنے میں بہت خوبصورت ہے۔

شہد کی مکھی: ہم ایک چپچپی شئے بناتے ہیں جسے موم کہا جاتا ہے۔ موم سے ہی ہم چھتّہ تعمیر کرتے ہیں۔ ہم درخت کی ٹہنیوں پر اور بلند عمارتوں کی چھت پر چھتّے بناتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED

فاطمہ : کیا تمہاری غذا پھولوں کا رس ہے؟

شہد کی مکھی: ہاں ہم پھولوں کے رس کو چھتّے میں اکٹھا کرتے ہیں اور ضرورت کے وقت استعمال کرتے ہیں۔ یہی شہد ہے۔

حامد : مجھے شہد بہت پسند ہے۔ میری دادی کہتی ہیں کہ شہد میں اَدویاتی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

شہد کی مکھی: بالکل صحیح، تم جو شہد کھاتے ہو وہ خالص نہیں ہوتا ہے۔ لوگ شہد میں گُڑ یا شکر کا شیرہ ملا کر فروخت کرتے ہیں۔

فاطمہ : ہم کیسے شناخت کر سکتے ہیں کہ شہد خالص ہے یا غیر خالص؟

شہد کی مکھی: کچھ ایسا کیجئے۔

خود کرو:

ایک شیشے کا گلاس لو۔ اس میں تھوڑا پانی ڈالو اور اس میں دو یا تین قطرے شہد ملاؤ۔ اگر شہد کے قطرے تہہ میں پہنچنے سے قبل پانی میں گُھل جائیں تو یہ شہد غیر خالص ہے۔ اگر شہد کے قطرے تہہ میں پہنچ کر آہستہ سے پانی میں گُھل جائے تو وہ شہد خالص ہے۔

کیا تمہیں اب معلوم ہوا کہ خالص شہد کیسی ہوتی ہے؟

حامد : جی ہاں

شہد کی مکھی: بہت دیر ہو گئی ہے۔ مجھے پھولوں کا رس اکٹھا کرنا ہے۔

اب مجھے جانا چاہئیے۔

سعدیہ : ٹھیک ہے۔ ہم پھر ملیں گے۔

فاطمہ : کیا تمہیں معلوم ہے کہ میں نے چھوٹی چھوٹی شہد کی مکھیوں کو دیکھا ہے جو پتھروں کے دراڑوں میں چھتّے بناتی ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED








درج بالا تصاویر پر غور کرو۔ شہد کی مکھیوں کی جسامت اور چھتّوں کی قسم یکساں نہیں ہے۔ اپنے اطراف مختلف اقسام کی شہد کی مکھیوں اور چھتّوں پر غور کرو۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حامد : میں نے ناگرہولے جنگل کے قریب شہد کی مکھیوں کا پالن اور شہد اکٹھا کرنے کے طریقوں کو دیکھا ہے۔





فاطمہ : لکڑی سے بنے صندوقچوں کو باغوں میں رکھا جاتا ہے اور ان میں لوگ شہد اکٹھا کرتے ہیں۔

حامد : ہاں میں نے کئی ایسے صندوقچوں کو اپنے چچا کے باغ میں رکھے ہوئے دیکھا ہے۔

سعدیہ : ہمارے گھر میں شہد کا زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ مجھے شہد بہت پسند ہے۔

حامد اور فاطمہ: ہمیں بھی شہد بہت پسند ہے۔

کیا تم بھی اپنے گھر میں شہد کا استعمال کرتے ہو؟ شہد کا استعمال کس لئے کرتے ہو؟

گنگناؤ اور خوشی مناؤ:

اس پھول پہ بیٹھی کبھی اس پھول پہ بیٹھی
بتلاؤ تو کیا ڈھونڈتی ہے شہد کی مکھّی

کیوں باغ میں آتی ہے یہ بتلاؤ تو جانیں
کیا لینے یہ آتی ہے یہ سمجھاؤ تو جانیں

اس شہد کو پھولوں سے اڑالاتی ہے مکھّی
خود کھاتی ہے اوروں کو کھلاتی ہے مکھّی

انسانوں کے لئے شہد ، غذا بھی ہے دوا بھی
قوت ہے اگر اس میں تو ہے اس میں شفا بھی

رکھتے ہو اگر ہوش تو اس بات کو سمجھو
تم شہد کی مکھی کی طرح علم کو ڈھونڈو


یہ علم بھی ایک شہد ہے اور شہد بھی ایسا
دنیا میں تمہیں شاید کوئی اس سے مصفّا

یہ عقل کے آئینے کو دیتا ہے صفائی
ہے شہد تو مکھی کی ، یہ انسان کی کمائی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

شہد کی مکھیوں کے چھتّے سے دیگر کونسی اشیاء حاصل ہوتی ہیں؟

اس تصویر کو دیکھو اور سمجھو۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

معلوم کرلیں:

- ایک شہد کی مکھی ایک چکرّ میں 50 سے 100 پھولوں کا رس چوستی ہے۔
- کیڑے پتنگوں سے تیار کی گئی واحد غذا شہد ہی ہے جسے انسان استعمال کرتا ہے۔
- چیونٹیوں اور دیمک کے زمین کھودنے سے مٹی میں ہوا کا گذار ہونے سے پودے بہتر طور پر نشوونما پاتے ہیں۔
- شہد کی مکھیوں کا چھتّہ، پرندوں کا گھونسلہ، دیمک کا ہُت وغیرہ عالم حیوانات میں حیرت انگیز تعمیرات ہیں۔
- گرمی سے بچنے کے لئے جو چیونٹیاں اپنی پشت پر پتے رکھ لیتی ہیں انہیں ''چھتری چیوٹیاں'' کہتے ہیں۔

☆☆☆

T5L8V1

سبق: 3

جنگل کی سیر

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔


- گھر کے قریب اور جنگل میں پائے جانے والے درختوں کے متعلق جانو گے۔
- جنگل میں پائے جانے والے پھلوں کے متعلق جان کاری حاصل کرو گے۔
- اپنا خیال بدلو گے کہ درخت صرف ہمارے لئے ہیں اور ان کو کاٹنا جائز ہے۔
- درخت اُگانے کی اہمیت کو سمجھو گے۔

نسرین جنگل کے کنارے اپنے خاندان کے ساتھ رہتی ہیں۔ان کے علاوہ وہاں کئی خاندان بھی رہتے ہیں۔نسرین جنگل اور جنگل کے درختوں کو بہت پسند کرتی ہے۔اب وہ بھی ہمیں جنگل سے متعارف کرائے گی جہاں وہ رہتی ہیں سنو !




@KTBS REPUBLISHED


دیکھو یہاں
ساگوان، متّی ،صندل اور ہونّے کے
درخت ہیں۔ یہ درخت خوشبودار پھولوں کی
بیلوں سے گھرے ہوئے ہیں۔


درختوں پر جھولتے ہوئے
بندر اور رینگنے والے سانپ دیکھو۔
یہاں ہاتھیوں اور ہرنوں کا
جھنڈ دیکھو


درخت تمام کے لئے
سایہ فراہم کرتے ہیں۔


واہ ! میٹھے میٹھے پھل کیا کبھی
ایسے مزیدار پھل آپ نے کھائے ہیں؟



اوپر کی تصویر میں دیئے گئے پھلوں کے اطراف دائرہ کھینچو جن کو تم نے کھایا ہے۔



اُن پھلوں کی فہرست بناؤ جو تمہیں دستیاب ہیں یا وہ جنہیں تم اُگاتے ہو۔

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

کیا آپ جانتے ہو کہ جنگلات کے درخت ہمیں کئی اشیاء فراہم کرتے ہیں؟ اس تصویر کو دیکھو اور معلوم کرو۔ تصویر میں دی گئی اشیاء کے نام ان کے نیچے لکھو۔



NOT TO BE PUBLISHED

گذشتہ جماعت میں آپ نے درختوں کے متعلق پڑھا ہے۔ تمہارے گاؤں یا شہر میں اُگائے جانے والے 10 درختوں کے نام لکھو۔ کیا یہ درخت جنگل میں اُگتے ہیں؟ اپنے بزرگوں سے معلوم کرو۔

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

تمہارے گاؤں اور جنگل میں اُگنے والے 5 درختوں کی فہرست بناؤ۔

گاؤں میں اُگائے جانے والے درخت	جنگل میں اُگنے والے درخت
.1	.1
.2	.2
.3	.3
.4	.4
.5	.5

ان تصویروں میں دیئے ہوئے درختوں پر غور کرو اور ان کے سامنے دی ہوئی جگہ میں ہر درخت کے دو استعمالات لکھو۔ اس کے لئے اپنے بزرگوں کی مدد لو:



ساگوان کا درخت



صندل کا درخت



جامن کا درخت



بڑ کا درخت

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



کرنج کا درخت



نیم کا درخت



آملے کا درخت



بانس کا درخت

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کیا تم جنگل سے حاصل ہونے والی اشیاء کے متعلق تم جانتے ہو؟

جنگل تباہ و برباد کر دئے جائیں تو کیا ہوگا؟

غور کرو اور جواب لکھو۔

معلوم کرلیں: • درختوں کی کٹائی اور جنگل کے حاصلات کو ممنوع قرار دیا ہے۔

گذشتہ جماعت میں آپ نے اپّی کو تحریک'' کا مطالعہ کیا ہے۔کیا تم اس تحریک کا سبب جانتے ہو؟ ہماری ریاست کے مغربی گھاٹ میں کاغذ کی صنعتیں ، پلائی وڈ کی صنعتیں برقابی مراکز اور بند کی تعمیراتی سرگرمیوں سے جنگلات کی بربادی میں اضافہ ہورہا تھا۔اس سے جنگلات تباہ ہورہے تھے۔انسانی زندگی پر بُرا اثر پڑرہا تھا۔اگر کوئی درختوں کو کاٹنے کے لئے آئے تو لوگ درختوں سے لپٹ جاتے تھے اور درختوں کی کٹائی روکتے تھے۔جنگلات کو تحفظ فراہم کرنے کی ان لوگوں کی خواہش پوری ہوئی۔محکمۂ جنگلات نے کٹے ہوئے درختوں کی جگہ نئے پیڑ لگوائے اپّی کو تحریک کا نعرہ تھا''جنگل بچاؤ،جنگل اُگاؤ اور جنگل کا صحیح استعمال کرو۔''

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

درج ذیل سوالات کے جواب مختصر لکھو۔

1. جنگل کسے کہتے ہیں؟

_____

_____

2. جنگل میں عام طور پر پائے جانے والے 5 درختوں کے نام لکھو۔

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

3. جنگل میں رہنے والے 5 جانوروں کے نام لکھو۔

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

4. جنگل سے حاصل ہونے والے 5 پھلوں کے نام لکھو۔

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

5. جنگلات کے کوئی 5 استعمالات لکھو۔

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

اپنے گھر، اسکول اور گاؤں میں آم، ناریل جیسے درختوں کو اُگاؤ اور حفاظت کرو۔

خود کرو۔

سب سے پہلے پیڑ کو کہاں اُگانا ہے اور کتنے اُگانا ہے فیصلہ کرلو۔ کیا انہیں پھولوں یا سایہ کے لئے اُگانا ہے؟ غور کرو۔ محکمۂ جنگلات کی نرسری یا پڑوس سے تخمی پودا لاؤ۔ اپنے دوستوں کی مدد سے اسکول یا گھر کے پیچھے بیج بو کر تخمی پودے حاصل کرو۔ زمین میں ایک گڑھا کھودو۔ اس گڑھے کا نصف حصہ مٹی سے بھر دو اور اچھی طرح پانی ڈالو۔ تخمی پودے کے جڑ کے اطراف پلاسٹک کی تھیلی احتیاط سے نکالو اور گڑھے میں رکھ دو۔ مٹی کو اپنے ہاتھوں سے مضبوطی سے دباؤ۔ ہر دن پانی ڈالتے رہو۔ اس تخمی پودے کے درختی باڑ لگاؤ تا کہ بکری اور دیگر گھاس خور جانور نہ کھائیں۔ درختوں کو اُگانے کے لئے اپنے خاندان کے افراد اور دوستوں کی مدد لو۔

گنگناؤ خوشی مناؤ۔

درخت قدرتی خوبصورتی بڑھاتے ہیں،
ہری سبزیاں اور پھل دیتے ہیں۔
ہوا، پانی اور غذا دیتے ہیں۔
درختوں سے توانائی ملتی ہے۔
درخت قدرت کا انمول تحفہ ہیں۔

جنگل کے بغیر زمین نہیں
درختوں کے بغیر پھل نہیں
درختوں کے بغیر جانور نہیں
درختوں کے بغیر زندگی نہیں

ی سبز


تمہارے گھر یا اسکول کے آنگن میں لگائے گئے درختوں کے نام لکھئے۔

نمبر شمار	درخت کا نام
.1	
.2	
.3	
.4	
.5	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اخبار وں/رسالوں/کتابوں سے درختوں کے تصاویر اکٹھا کرو ۔تمہار استعمال شدہ بیاض میں چپکاؤ۔ ان درختوں کے استعمالات لکھو۔

نمبر شمار	درخت کا نام	استعمال
.1		
.2		
.3		
.4		
.5		



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جنگل کے تحفظ کے متعلق چند نعرے لکھو۔

_____

_____

_____

معلوم کرلیں:

- بانس کو گھاس کے خاندان میں شمار کیا جاتا ہے۔
- چند پودے پتوں سے اُگتے ہیں۔

مثلاً: برایوفلم۔



- ساحلی علاقوں میں اُگنے والے مانگرو کے پودوں کے بیج پودوں میں منسلک رہتے ہوئے نمو پاتے ہیں۔ ننھے پودے زمین پر گرتے ہیں اور اُگتے ہیں۔
- صراحی دار پودا اور ڈروسورا پودا پتنگوں کو کھاتے ہیں۔ انہیں کرِم خور پودے کہتے ہیں۔









- کوکو۔ڈی مر کے بیج دنیا کا سب سے بڑا بیج ہے اس کا وزن تقریباً 18 کلوگرام ہوتا ہے۔
- کرناٹک میں 5 قومی پارک، 5 پرندوں کی پناہ گاہیں اور 16 جنگلی حیوانات کی محفوظ گاہیں ہیں۔

☆☆☆

© NOT TO BE RE PUBLISHED

سبق:4

جڑ..... پودے کا سہارا

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- جڑوں کے افعال کی فہرست بنانا سیکھو گے۔
- ترمیم شدہ جڑوں کا مشاہدہ کرو گے جو غذا محفوظ کرتی ہیں۔

گذشتہ جماعت میں آپ نے پودے کے متعلق مطالعہ کیا ہے۔تم نے پودوں کے مختلف حصّوں کو غور سے دیکھا ہوگا۔تصویر میں دیئے ہوئے پودے کے حصّوں کے نام لکھو۔



پودے کی جڑیں کہاں سے اُگتی ہیں؟

کیا آپ نے پودے کی جڑ کو دیکھا ہے؟

آپ نے کونسے پودوں کی جڑیں دیکھی ہیں؟

جڑ کا رنگ کیسا ہے؟

© SCERT NOT TO BE REPUBLISHED

خود کرو:

دو ناریل کے خول یا ٹن کے چھوٹے ڈبّے لو۔ دونوں میں مٹی بھر دو۔ ایک خول یا ڈبّے میں چندرا گی یا دھان کے دانے ڈالو۔ دونوں ڈبوں پر پانی کا چھڑکاؤ کرو۔ ایک ہفتے کے بعد راگی یا دھان کے دانے اُپج کر تخمی پودے بن جاتے ہیں۔ یہ تخمی پودے نشو ونما پانے کے بعد دونوں ڈبّوں کو الٹ دو۔ دونوں خول سے نکلنے والی مٹی کا مشاہدہ کرو۔

غور کیے ہوئے دو مشاہدات یہاں لکھو۔

_____

_____

جڑیں مٹی کے ذرّات کو جال کی طرح باندھتی ہیں۔ جڑیں پودے کو زمین میں سیدھا ٹھہرنے میں مدد کرتی ہیں۔



خود کرو:

تھوڑے کلتھی کے بیج لو اور اپنے گھر یا مدرسے کے باغیچہ میں بو دو۔ ہر دن پانی چھڑکاؤ کرو۔ چند دنوں کے بعد تخمی پودے رونما ہوتے ہیں۔ ان میں سے دو تخمی پودوں کو احتیاط سے کھینچو تا کہ جڑوں کو نقصان نہ پہنچے۔ ایک تخمی پودے کی جڑ کو دوسرے پودے کو جڑ کے ساتھ رکھو۔ دو گملے لو اور ان میں زائد پانی کے اخراج کے لئے نیچے چھوٹے سوراخ بناؤ۔ دونوں گملوں میں مٹی بھر کر ہر ایک میں ایک ایک پودا لگاؤ۔ گملوں کو دھوپ میں رکھ کر ہر دن پانی ڈالو۔ دو یا تین دن کے بعد پودوں میں ہونے والی تبدیلیوں پر غور کرو۔

NOT TO BE REPUBLISHED

تمہارے کیے گئے دو مشاہدات کو لکھو۔

_____

_____

پودے کو اُگنے کے لئے پانی چاہیئے



خود کیجئے:

ایک کانچ کی بوتل لو۔ اس میں پانی بھرو۔ پانی میں دو قطرے سرخ سیاہی یا کوئی رنگ ملاؤ۔ زمین سے جِنا کے پودے کو احتیاط سے کھینچو تا کہ جڑوں کو نقصان نہ پہنچے۔ جڑوں کو دھو کر رنگین پانی میں رکھو۔ بوتل یا گلاس کو سورج کی روشنی میں رکھو۔ اگلے دن پودے کا مشاہدہ کرو۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تم نے کیا مشاہدہ کیا؟ اس کا سبب کیا ہے؟ لکھو۔

_____

_____



معلوم کرلیں:

پودے کے لئے ضروری پانی اور تغذی اجزاء کو جڑیں زمین سے جذب کرتی ہیں۔ جڑوں سے پانی اور تغذی اجزاء تنوں اور پتّوں تک پہنچاتی ہیں۔

جڑ پودے کا سہارا ہے





اوپر کی تصویروں میں دی گئی ترکاریوں کے نام لکھو۔ کیا تم ان ترکاریوں کو اپنے گھر میں استعمال کرتے ہو؟ کیوں؟ یہ ترکاریاں پودے کے کون کونسے حصّہ ہیں؟ معلوم کرو اور یہاں لکھو۔

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

کوئی چار جڑوں کے نام لکھو جنہیں تم استعمال کرتے ہو۔ یہ لکھو کے تم انہیں کیوں استعمال کرتے ہو۔ مثال پر غور کرو۔

نمبر شمار	جڑیں	استعمال
مثال	اشوا گندھا	دوا
.1		
.2		
.3		
.4		

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

معلوم کرلیں:

- 2009 میں ایک برطانوی کسان نے 19 فیٹ لمبا گاجر اُگا کر ریکارڈ قائم کیا ہے۔
- گھاس کے خاندان کے پودے کی جڑ 600 کلومیٹر لمبی ہوتی ہے۔ یہ بنگلورو سے کلبُرگی تک کے فاصلے کے برابر ہے۔
- بڑ کا درخت اپنی فضائی جڑوں کی مدد سے پانچ ایکڑ سے زیادہ احاطہ تک اُگتا ہے جو ایک ریکارڈ ہے۔ مثلاً بنگلورو کا بڑا برگد کا درخت۔
- چند پودے درختوں پر اُگتے ہیں ان کی جڑیں سبز ہوتی ہیں اور ہوا میں لٹکتی رہتی ہیں۔ یہ ہوا سے رطوبت جذب کرتے ہیں۔
- کم بارش والے علاقوں میں اُگنے والے چند پودوں کی جڑیں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ اور وقتِ ضرورت پودے کو پانی فراہم کرتے ہیں۔ چند قبائلی لوگ ان جڑوں سے پینے کے لئے پانی حاصل کرتے ہیں۔ جڑیں تقریباً 70 کلوگرام پانی ذخیرہ کرنے میں ریکارڈ قائم کئے ہوئی ہیں۔

☆☆☆

سبق:5

رنگ برنگے پھول

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- مختلف قسم کے پھولوں کو اکٹھا کرو گے اور ان کے اشکال، رنگ، پنکھڑیاں اور خوشبو کے متعلق بحث کرو گے۔
- روزمرّہ کی زندگی میں پھولوں کے استعمالات کی شناخت کر پاؤ گے۔
- مختلف اشیاء پر پھولوں کی نقش ونگاری کی شناخت کر سکو گے۔
- گُل فروش کے ہاں دستیاب پھولوں کے رنگ اور پھولوں کی قیمت جانو گے۔

اس دن کئی لڑکیاں اپنے بالوں میں موگرے کے پھول پہن کر آئی ہوئی تھیں۔

اُستاد : آج اس کمرہ میں بہت اچھی خوشبو پھیلی ہے۔

حسینہ : جناب! چند لڑکیاں موگرے کے پھول پہنی ہوئی ہیں۔

جنید : ہاں یہ موگرے کے پھولوں کا موسم ہے۔ ہے نا؟

استاد : گرمی کے موسم میں مواگرا، بارش کے موسم میں ڈیرا، سردی کے موسم میں گُلچنی، اس طرح مختلف موسم میں مختلف پھول کھِلتے ہیں۔

سرگرمی:

تمہارے گاؤں میں دستیاب پھولوں کی فہرست بناؤ۔ یہ کونسے موسم میں مہیّا ہوتے ہیں؟ ان پھولوں کو لوگ کس لئے استعمال کرتے ہیں، ان کے متعلق معلومات اکٹھا کرو اور اس جدول میں لکھو۔

پھول کا نام	پھل/ پودا/ درخت	پھول مہیّا ہونے والا موسم	استعمال

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تمہارے گاؤں یا شہر میں مہیّا ہونے والے پھولوں کو اکٹھا کرو۔ ان پھولوں کا بغور مشاہدہ کرو اور ان کے خصوصیات کو اس جدول میں لکھو۔

پھول کا نام	رنگ	شکل	پنکھڑیوں کی تعداد	خوشبو ہے/نہیں

اُستاد : یہاں قریب میں ہی باغیچہ ہے آؤ وہاں چلیں۔ وہاں ہم مختلف پھولوں سے متعارف ہوں گے۔ یاد رہے کہ کوئی بھی پھول نہ توڑیں! (تمام مل کر باغیچہ کی طرف نکلتے ہیں)



حسینہ : واہ ! کئی قسم کے پھول کھلے ہیں۔ یہ باغیچہ بہت خوبصورت ہے ''یہاں پھول مت توڑو'' کی تختی لگائی گئی ہے۔

اُستاد : اس اطلاعی تختی کی ہدایت پر عمل کرو۔ تم بھی اپنے گھروں اور مدرسے میں پھول اُگانے کی کوشش کرو۔

ندیم : اس تالاب میں بھی پھول ہیں۔

اُستاد : پانی میں اُگنے والے تین پھولوں کے نام بتاؤ۔

گنگناؤ اور خوشی مناؤ:

گُل ہے دیکھو میرا نام — شان بڑھانا میرا کام
سُنے ذرا یہ غور مقام — تمہیں سناؤں اپنے کام
میں پوجا میں رکھا گیا — مالا میں بھی بندھا گیا
جب جوڑے میں سجایا گیا — بڑھ گئی اس کی شان

مدھومکھی کی غذا بنا — بیماریوں کی دوا بنا
عطر میں بھی خوشبو بنا — میں خوشبوں کا بنا انعام
گُل ہے دیکھو میرا نام — ان گنت ہیں میرے کام
انساں سے زائد فیض دیکر — پایا میں نے بلند مقام

گُل فروش:

آئی پھول والی آئی — گاتی گنگناتی آئی
خوشبو والے پھول لے لو — یہ آواز لگاتی آئی
لے لو بہنا لے لو بھائی — آئی پھول والی آئی
گیندہ اور کاکڑے کی کلیاں — موگرے و گلاب کی پنکھڑیاں
مہکتی چمپا چمیلی کی کڑیاں — سب مل کر بنی مالا کی لڑیاں
لے لو بہنا لے لو بھائی — آئی پھول والی آئی
سفید موگرا گیندی شاونتی — کچے دھاگے میں ان کو پروتی
مہک بکھیرتے ان پھولوں کو — آپ کی خاطر لئے میں پھرتی
لے لو بہنا لے لو بھائی — آئی پھول والی آئی
کھلے گلاب کی سرخی دیکھو — نکھرے کمل کی خوبی دیکھو
چمپا ہر سو خوشبو بکھیرے — بہار رات کی رانی دیکھو
لے لو بہنا لے لو بھائی — آئی پھول والی آئی
قسم قسم کے رنگ برنگے — پھول ہیں بھائی پیارے پیارے
رسم زمانے کے سارے نرالے — پھول بنانہ چلنے والے
لے لو بہنا لے لو بھائی — آئی پھول والی آئی



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کیا تم پھولوں کا استعمال کرتے ہو؟

کیا اپنے گھر میں پھولوں کا استعمال ہوتا ہے؟

گھر میں استعمال ہونے والے پھولوں کو تم اُگاتے ہو یا خریدتے ہو؟

کوثر : شاہینہ کے والد کی پھول کی دکان ہے۔

حسینہ : تم پھول کہاں سے لاتی ہو؟

شاہینہ: میرے والد مارکیٹ سے کھُلے پھول خریدتے ہیں گھر میں ہم تمام پھول گُنتے ہیں۔

اُستاد : شاہینہ ایک ہاتھ موگر کے پھول کی قیمت کیا ہے؟ گُنے ہوئے پھول کتنی قیمت پر فروحت کئے جاتے ہیں؟

شاہینہ : آج ایک کلوموگرے کے پھول کی قیمت -/250₹ ہے؟ ہم لوگ ایک ہاتھ پھول -/10₹ میں فروحت کرتے ہیں۔

اُستاد : کیا تم ایک ہاتھ اور ایک بام کی پیمائش جانتے ہو؟







فاطمہ: ہاں، ایک بام چار ہاتھ کے برابر ہوتا ہے۔

استاد : یہ غیر روایتی پیمائشی اکائیاں ہیں ان پیمائشوں کو پھول گُننے والے فروخت کرنے والے اور خریدنے والے آسانی سے استعمال کرتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خود کرو:

اگر ایک کلو موگرے کی قیمت -/250₹ ہو تو 5 کلو موگرے کی قیمت کیا ہوگی؟

ایک ہاتھ پھول کی قیمت -/4₹ ہو تو ایک بام پھول کی قیمت کیا ہوگی؟

آپ گاؤں یا شہر کے بازار جاؤ۔ وہاں فروخت کئے جانے والے مختلف قسم کے پھولوں کی قیمت دریافت کرو اور جدول میں لکھو۔ ایک مثال یہاں دی گئی ہے۔

پھول کا نام	پیمائش	قیمت
موگرا	ایک ہاتھ	-/10₹

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



اُستاد : بچّو اپنے آنگن یا گملے میں پھول کے پودے لگاؤ۔ پھول استعمال کرنے کی عادت ڈالو۔

کوثر : حسینہ کے لباس پر پھولوں کی نقش کاری ہے۔

استاد : آپ نے مختلف اشیاء پر پھولوں کے نقش دیکھے ہوں گے۔ پھولوں کے دلکش رنگ ہمیں بہت متاثر کرتے ہیں۔

اپنے اطراف کی اشیاء پر غور کرو۔ کونسی اشیاء پر پھولوں کے نقش کئے جاتے ہیں؟

خود کیجئے:

پھولوں کو اکٹھا کرو۔ پنکھڑیوں کو اچھی طرح سکھاؤ۔ ان سے مبارکبادی کے کارڈ بناؤ اور اپنے دوستوں اور پڑوسیوں کو دو۔

رنگین کاغذ سے مختلف پھول بنانا سیکھو۔

کاغذ، چھوٹے برتن اور گملوں پر پھولوں کی تصویر بناؤ اور ان میں رنگ بھرو۔






معلوم کرلیں:

- رفلیشیا پودے کا پھول سب سے بڑا ہوتا ہے۔ اس کا محیط ایک میٹر اور وزن 7 کلو ہوتا ہے لیکن اس کے بیج خش خش کی طرح بہت چھوٹے ہوتے ہیں یہ پھول بہت بدبودار ہوتا ہے۔
- بھارت کا آبی پودا الفیہ سب سے چھوٹا پھول ہے۔ ایک سوئی کی نوک پر کئی الفیہ پھول رکھے جاسکتے ہیں۔
- دنیا کے 15 خوبصورت پھولوں میں لنٹن پھول ایک ہے۔
- گلاب کے پھول سے خوشبو ہی نہیں بلکہ ایک میٹھی شئے گلقند بھی تیار کی جاتی ہے۔
- پھولوں کی کاشت کاری میں ریاست کرناٹک سرِ فہرست ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق ہمارے ملک میں 75% پھولوں کی پیداوار ہوتی ہے۔
- ہمارے ملک کے پھول بیرونی ممالک کو برآمد کئے جاتے ہیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:6

بوند..... بوند..... پانی

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔


- پانی کا چکّر بیان کریں گے۔
- روزانہ استعمال ہونے والے پانی کی غیر روایتی پیمائش کرو گے۔
- پینے کے قابل پانی کے ذرائع کی معلوم کرو گے۔
- پانی کی قلّت سے اور پانی ضائع کرنے سے ہونے والے مسائل کی فہرست تیار کرو گے۔
- پانی کی بازگردش اور بارانی کاشت کاری کی اہمیت کو سمجھو گے۔





- زمین کا 3/4 واں حصہ پانی سے گھرا ہے۔
- سورج کی گرمی سے پانی بھاپ بن کر اُڑ جاتا ہے۔
- یہ بخارات کی شکل میں آسماں کی طرف پہنچتا ہے۔
- سرد ہواؤں سے پانی کے بخارات قطروں میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔
- پانی کے قطرے مل کر بادل بنتے ہیں۔ بادل آسماں کی بلندی میں لہراتے ہیں۔ بادل کے اطراف سرد ہوا ئیں چلتی ہیں۔ • پانی کے بوند وزنی بن جاتے ہیں اور بارش کی صورت میں برستے ہیں۔ بارش کا پانی دریا اور تالابوں میں بہتا ہے۔ اس طرح پانی دوبارہ بخارت بنتا ہے۔ اگلے صفحہ کی تصاویر پر غور کرو اور یہ گیت گاؤ۔

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS





واہ ! یہ تصویر کیا ہے جو تم دیکھ رہے ہو؟



پانی کا چکر! یہ کیا ہے؟

یہ تصویر پانی کے چکر کی ہے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



تمہارے گھر کا پانی
کہاں سے تبخیر پاتا ہے
دی گئی جگہ میں لکھئے





معلوم کرلیں:

جب پانی گرم ہوتا ہے تو تبخیر پاتا ہے ۔اسی طرح سورج کی گرمی سے پانی تبخیر پاتا ہے۔



گھر میں پکاتے وقت
چولہے پر رکھے
برتن پر غور کرو

مدرسہ سے میں بھی تم
پانی اُبلنے کا تجربہ
کر سکتے ہو





@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED





اس تجربہ میں
کیے ہوئے مشاہدات کو
خالی جگہ میں لکھو



گرمی سے پانی ابلتا ہے
اور تبخیر پا کر اوپر اڑتا ہے۔اس سے
برتن میں پانی کی مقدار گھٹتی ہے



تبخیر شدہ
پانی۔کیا ہوگا



معلوم کرلیں:

پانی ایک مائع ہے۔جب پانی کو گرم کیا جاتا ہے تو اُبل کر بخارات بنتے ہیں یہ پانی کے گیس کی حالت ہے۔ پانی مائع حالت سے گیسی حالت میں تبدیل ہونے کے عمل کو عمل تبخیر کہتے ہیں۔

پانی تبخیر پا کر
ہوا میں آمیزش
ہوتا ہے



تبخیر شدہ کا کیا ہوگا؟
یہ جاننے کیلئے ایک تجربہ کرو۔

خود کیجئے:

ایک چھوٹی پلاسٹک کی تھیلی لو اس میں تھوڑا پانی ڈالو۔تھیلی کے سرے کو دھاگے سے باندھو۔

پانی سے بھری ہوئی پلاسٹک کی تھیلی کو سورج کی روشنی میں رکھو۔ایک یا دو گھنٹوں پر تھیلی کا مشاہدہ کرو۔



@KBS
NOT TO BE REPUBLISHED

معلوم کرلیں:


سورج کی گرمی سے پانی تبخیر پاتا ہے اور اوپر پہنچتا ہے۔ سرد ہوا سے پانی کے بخارات بوندوں میں تبدیل ہوتے ہیں۔ اس طرح پانی کے بخارات مائع حالت میں تبدیل ہونے کے عمل کو عمل انجماد کہتے ہیں۔

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔ پلاسٹک کی تھیلی میں رکھے ہوئے پانی کا کیا ہوا؟ تھیلی کے اوپری حصے میں تمہیں کیا نظر آیا؟












اس تجربے کی مدد سے دی گئی خالی جگہوں کو پُر کرو۔ دئے گئے جوابات کا استعمال کر سکتے ہیں۔



ہوا، بادل بارش
تبخیر، سورج، بوندوں،
سرد بارش

پانی کے ذخائر، مٹی نباتات اور حیوانات سے [ ] عمل کے ذریعہ [ ] کی گرمی سے بخارات بنتے ہیں۔ تبخیر شدہ پانی [ ] میں داخل ہوکر اوپر پہنچتا ہے۔

یہ سرد ہواؤں سے منجمد پاکر [ ] میں تبدیل پاتا ہے۔ جن پانی کے بوندوں سے [ ] بنتے ہیں۔ جب بادل [ ] ہوتو [ ] کی قطروں کی صورت برستے ہیں۔ اسی کو پانی کا چکّر کہتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

معلوم کرلیں:

جب بارش کی بوندیں سرد ہو جاتی ہیں تو زمین پر برف کے چھوٹے ٹکڑوں کی صورت میں گرتی ہیں۔ اس کو برف باری کہتے ہیں۔



یہ تم جان چکے ہو کے روزانہ ہم پانی کا استعمال کس طرح کرتے ہیں؟ تصاویر کو دیکھو اور بولو۔











NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

معلوم کرلیں:

پانی کا استعمال صرف جاندار اجسام کے روزانہ مشغولات کے لئے ہی نہیں بلکہ زراعت، صنعتی سربراہی، عمارتوں کی تعمیر اور برقی رو کی تیاری میں بھی کیا جاتا ہے۔



تصویر میں دکھائی گئی سرگرمیوں کے لئے تم اور تمہارے گھر والے کتنا پانی استعمال کرتے ہیں؟ استعمال شدہ پانی کی مقدار کو کسی برتن کے ذریعہ معلوم کرو اور نیچے دئی گئی جدول میں لکھو۔

سرگرمیاں	پانی جو میں استعمال کرتا ہوں	پانی جو گھر کے دیگر افراد استعمال کرتے ہیں۔	کُل پانی کی مقدار
منہ دھونے کے لئے	2 جگ		
ہاتھ پیر دھونے کے لئے			

پانی بہت انمول ہے۔ احتیاط اسے استعمال کرو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



بچو! ان تمام ضروریات کیلئے
تم جو پانی استعمال کرتے ہوئے ان کے
ذرایعوں کے متعلق تم جانتے ہو۔
پانی کے ان ذرایعوں
کی فہرست بناؤ۔







ٹھیک ہے
تمہارے گاؤں یا شہر میں
پانی کے ذرائع معلوم
کرو اور ان کے نام لکھو۔







اس تصویر کو دیکھو اور زمین
پر دستیاب پینے کے پانی کی
مقدار معلوم کرو۔



©KTBB
NOT TO BE REPUBLISHED

زمین پر دستیاب پانی کی مقدار

- تازہ پانی (میٹھا پانی)
  - پانی (1% سے کم) جو استعمال کے قابل ہے
  - برف 2% یہ پانی کی ٹھوس صورت ہے۔ اسکو روزانہ کی سرگرمیوں کے لئے استعمال نہیں کر سکتے۔
- سمندری پانی (نمکین پانی) (97.2%) یہ استعمال کے قابل نہیں ہے۔



معلوم کرلیں: آپ کے استعمال کے لئے صرف تناہی پانی دستیاب ہے۔

فرض کرو کہ زمین پر پانی کی مقدار 100 چمچ ہے۔ اس میں 97 چمچ سے زیادہ نمکین پانی ہے۔ 2 چمچ پانی برف کی صورت میں ہے۔ صرف ایک چمچ پانی ہی ہمارے استعمال کے لئے دستیاب ہے۔

© KTBB NOT TO BE REPUBLISHED



کیا تم ضرورت سے زیادہ پانی استعمال کرتے ہو؟ تم کونسی سرگرمیوں کے لئے پانی کا غیر ضروری استعمال کرتے ہو۔ یہاں لکھو۔





نیچے دئے ہوئے تصاویر پر غور کرو۔
یہاں کیا ہو رہا ہے؟
خالی جگہ میں لکھو۔









@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED




اپنے اطراف روزانہ کیسے
پانی ضائع ہوتا ہے۔
یہاں لکھو۔





بچو۔۔۔
اگر پانی بالکل نہ ہوتو
کیا ہوگا؟



اپنے گھر اور مدرسے میں پانی ضائع
ہونے کو کس طرح روکو گے؟
پانی کے ضائع ہونے کو روکنے
کے لئے دو طریقے لکھو۔






اگلے صفحہ پر پانی کی
بچت کرنے چند اقدامات ہیں
خالی جگہوں میں ان اقدامات
کو لکھو۔



@KBS NOT TO BE REPUBLISHED

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



یہاں دیکھو !
پانی کو غیر ضروری طور پر
ضائع کیا جا رہا ہے۔





پانی کی بوند۔۔۔
یہ پانی استعمال کیا جا چکا ہے اس کو
دوبارہ کیسے استعمال کر سکتے ہو۔



ایک مرتبہ استعمال شدہ پانی
کیا دوبارہ استعمال کر سکتے
ہیں؟ سوچو اور لکھو

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED




معلوم کر لیں:

برتن، کپڑے اور تر کاریاں دھلا ہوا پانی پودوں کو اُگانے کے لئے دوبارہ استعمال کر سکتے ہیں اس کو پانی کی بازگردش کہتے ہیں۔ پانی کی بازگردش سے پانی کی بچت کی جا سکتی ہے۔







بچو ہم بارش کے پانی کو ذخیرہ کر سکتے ہیں۔ اس پانی کو دیگر سرگرمیوں کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔



ہاں، صحیح ہے۔



بارش کا ذخیرہ شدہ پانی کونسی سرگرمیوں کے لئے استعمال کر سکتے ہیں؟ جانیئے اور یہاں لکھئے۔






بارش کے پانی کو جمع کرنے اور روزانہ کی سرگرمیوں کے لئے استعمال کرنے کے طریقوں کو سیکھو۔

© KTBB NOT TO BE REPUBLISHED

تمہارے گاؤں یا شہر میں
بارانی کاشت کا مرکز ہو تو جا کر دیکھو۔
اگر نہیں ہے تو اپنے بزرگوں سے دریافت
کرو۔ بارنی کاشت کے متعلق معلومات
اکٹھا کرو اور لکھو۔








@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

بچو۔۔۔
پانی کے تحفظ سے آگاہ کرنے کا ایک ڈرامہ اپنے
بزرگوں اور دوستوں کی مدد سے پیش
کرنے کی کوشش کرو۔





ہاں پانی کی بوند!
ہم کوشش کریں گے۔



بچو ۔۔۔آج تم نے پانی کا محتاط استعمال اور اُس کے تحفظ کے متعلق جان لیا ہے۔اچھا اب میں چلتا ہوں۔۔۔ اللہ حافظ



اللہ حافظ پانی کے بوند

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

معلوم کرلیں۔

- ہمارا ملک ہندوستان دنیا میں پانی کا اہم ذخیرہ ہے۔
- زمین پر پائے جانے والے تازہ پانی کا کثیر حصہ برف کی شکل میں ہے۔
- فضاء میں پانی بخارات کی صورت میں ہوتا ہے۔
- پانی کے ذخائر کو مچھلیاں پاک وصاف کرتی ہیں۔
- پانی نباتات اور حیوانات کے جسم کی شکل کو برقرار رکھتا ہے۔
- انسانی جسم کا 65% حصہ پانی ہے۔دیگر جاندار کے جسم میں 40% سے 90% حصہ پانی ہوتا ہے۔پتوں میں 80% حصہ پانی ہوتا ہے۔
- ہمیں روزانہ کم از کم دو لیٹر پانی پینا چاہیے۔
- بھارت میں سب سے زیادہ بارش آسام کے مویا سورم میں ہوتی ہے۔
- کرناٹک میں سب سے زیادہ بارش آگمبے میں ہوتی ہے۔

☆☆☆

B2L3B3

سبق:7

پانی کی آلودگی.....تحفّظ

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- پانی کی آلودگی کے اسباب اور اس کے مضر اثرات سے متعلق جانو گے۔
- پانی سے پھیلنے والے امراض کی فہرست تیار کرو گے۔
- نا آبیدگی کے اسباب اور آبیدگی کے محلول کی تیاری سے متعلق جانو گے۔





یہاں دو گلاس میں پانی ہے۔
تم کونسے گلاس کا پانی پینا چاہو گے؟
کیوں؟

آپ جانتے ہیں کہ ہمیں استعمال کے لئے کنوئیں، تالاب، ندی، جیسے ذرایعوں سے پانی حاصل ہوتا ہے۔
پینے اور پکوان کے لئے پانی کہاں سے لایا جاتا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

معلوم کریں:

اگر پانی خالص نہیں ہے یا پینے کے قابل نہیں ہے تو اس کا مطلب پانی آلودہ ہے۔ پانی میں دکھائی دینے والے ذرّات گندگی اور نہ دکھائی دینے والے جراثیم بھی ہوتے ہیں۔ برتن اور کپڑے دھونے سے، کیڑے مار دوائیوں اور کھاد سے، یا صنعتی فضول مادّوں سے گندگی پانی میں شامل ہو کر اُسے آلودہ بناتی ہے۔ یہ پانی استعمال کے قابل نہیں ہوتا۔ اس کو پانی کی آلودگی یا آبی آلودگی کہتے ہیں۔

تمہارے گاؤں یا شہر میں موجود پانی کے ذرائع کونسے ہیں؟

ذرائع آلودہ ہیں تو اس کے اسباب اپنے بزرگوں یا اُستاد سے معلوم کرو اور نیچے دئے ہوئے جدول میں لکھو۔

پانی کا ذریعہ	آلودہ/غیر آلود	اگر آلودہ ہے تو اُس کے اسباب



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دادی اماں ہمیں گندے نالوں میں کھیلنے سے منع کیوں کرتی ہیں؟

اسباب لکھو۔



رحیم ہیضہ میں کیسے مبتلا ہوا؟ سوچو اور لکھو۔

آلودہ پانی سے ہونے والے امراض کے متعلق اپنے اُستاد اور بزرگوں سے دریافت کرو۔

تمہارے گاؤں کے صحتی مرکز کو جاؤ۔ ڈاکٹر سے ملاقات کرو۔ پانی سے پھیلنے والے امراض کے متعلق بحث کرو اور معلومات حاصل کرو۔

©CBS NOT TO BE REPUBLISHED



معلوم کرلیں:

ہیضہ جیسے خطرناک امراض آلودہ پانی کے ذریعہ پھیلتے ہیں۔ اگر وقت پر علاج نہ کیا جائے تو موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔ مسلسل قے اور دست سے جسمانی پانی کی مقدار گھٹ جاتی ہے اور مریض تھکان محسوس کرتا ہے۔ اسکو نا آبیدگی کہتے ہیں۔ نا آبیدگی کو روکنے کے لئے نمک، شکر، لیموکارس اور پانی کے محلول کو اُبالا جاتا ہے۔ اس طرح تیار کئے گئے محلول کو ٹھنڈا ہونے کے بعد مریض کو دیا جاتا ہے۔ اس کو باز آبیدگی کہتے ہیں۔

پانی سے پھیلنے والے امراض میں مبتلا مریضوں کو دی جانے والی فوری طبّی امداد کے متعلق اپنے بزرگوں ڈاکٹروں اور اساتذہ سے دریافت کرو۔

اسپتال اور دوائی کی دکان میں ORS (Oral Rehydration Solution) کے پکیٹ دستیاب ہیں جو باز آبیدگی کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ ORS کے متعلق تمہارے معلم سے معلوم کرو۔

ORS کے استعمال سے ہونے والے فوائد معلوم کرو اور ایک فہرست بناؤ۔

_____

_____

_____

ڈاکٹر، یا معلم کی مدد سے نمک، شکر، لیموکارس اور پانی استعمال کر کے ORS محلول تیار کرنا سیکھو۔

ORS کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے؟ سیکھو۔

آلودہ پانی پی کر بیمار ہونے کے بجائے خالص اور صاف پانی پینا بہتر ہے۔ پانی کی آلودگی کو روکو۔

اپنے بزرگوں سے آلودہ پانی صاف کرنے کے طریقوں کے متعلق سیکھو۔

_____

_____

_____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تمہارے قریبی صنعتوں کو جا کر دیکھو کہ وہاں استعمال شدہ پانی کا کیا کرتے ہیں؟ غور کرو اور لکھو۔

تم جانتے ہو کے پانی کے ذرائع آلودہ ہونے کے اسباب کیا ہیں؟ سوچو کہ آلودگی سے بچنے کے لئے تم کونسے اقدام کر سکتے ہو۔ یہاں لکھو۔

اپنے گھر یا مدرسے میں پانی آلودہ ہونے سے روکنے کے لئے کونسے طریقے اپناؤ گے؟ غور کرو اور لکھو۔

پانی بہت انمول ہے۔ ہمارے استعمال کے قابل پانی کی مقدار بہت ہی کم ہے اس لئے پانی کو آلودہ ہونے سے بچاؤ۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

معلوم کرلیں:

- ہمارے ملک اور ریاست کی کئی ندیاں آلودہ ہیں۔
- فلورائڈ، پارہ، آرسینک اور سیسہ ملا ہوا پانی پینے سے مہلک امراض ہو سکتے ہیں۔
- ہماری ریاست میں آلودہ پانی کی وجہ سے آبی جانداروں خاص طور پر مچھلیوں کی موت واقع ہو رہی ہے۔
- ''آلودگی روک تھام بورڈ'' ایک سرکاری ادارہ ہے جو پانی کی آلودگی سے متعلق اقدامات کرتا ہے۔
- شہروں میں پینے کا پانی میں کلورین نامی کیمیائی شئے ملا کر جراثیم سے پاک کیا جاتا ہے اور گھروں کو فراہم کیا جاتا ہے۔
- کھاد اور فضلے کے گڑھے، پانی کے ذرائع جیسے کنوؤں، برویل سے کم از کم 10 میٹر دور ہونا ضروری ہے۔ ورنہ ان گڑھوں سے جراثیم پانی میں شامل ہو کر اُسے آلودہ بنا دیتے ہیں۔
- پانی کو اُبالنے سے تمام جراثیم فنا ہو جاتے ہیں۔ اُبال کر ٹھنڈا کیا ہوا پانی پینا صحت کے لئے بہتر ہے۔
- سمندری پانی سے نمک کی مقدار کو گھٹانے کا عمل غیر نمک پزیری کہلاتا ہے۔ ایسے پانی کو زراعت اور گھریلو سرگرمیوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ کافی مہنگا ہوتا ہے۔
- شہروں میں عمارتوں کی چھت سے بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے تاکہ پانی کی کمی کو دور کیا جا سکے۔
- صنعتی علاقوں میں استعمال شدہ پانی کی صفائی اور بازگردش کی جاتی ہے تاکہ پانی کی قلّت کو دور کر سکیں۔

© ITES NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

سبق:8

غذا اور صحت

V6U1F8

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- متوازن غذا کا مطلب بیان کرو گے۔
- مختلف تغذی اجزاء کی درجہ بندی کرنا سیکھو گے۔
- غذائی تحفظ کے طریقوں پر عمل کرو گے۔
- حیوانات اور پرندوں کی غذائی عادت کے متعلق بحث کرو گے اور ان کے دانت اور چونچ کس طرح غذائی عادت کے مطابق ترمیم پائے گئے ہیں، اس کے متعلق جانکاری حاصل کرو گے۔

زیبا کا جنم دن تھا۔ اس کو گاجر کا حلوہ بہت پسند تھا۔ اس کی ماں نے اس موقع پر گاجر کا حلوہ تیار کیا۔ زیبا نے خوب حلوہ کھایا اور سو گئیں۔ اس نے گاجر سے معلق ایک خواب دیکھا۔



گاجر: زیبا میں گاجر ہوں۔ میرا حلوہ تم نے خوب کھایا ہے مجھے جاننا ہے کہ روزانہ تم کیا کھاتی ہو؟

زیبا: میں مختلف قسم کی غذا کھاتی ہوں۔ میں جانتی ہوں کہ کونسی غذا کیسے اور کن اشیاء سے تیار کی جاتی ہے۔

گاجر: ٹھیک ہے، تم جن غذائی اشیاء کو جانتی ہو اور کھاتی ہو اس کی فہرست بناؤ۔

سرگرمی: زیبا کی طرح تم بھی غذائی اشیاء کی فہرست تیار کرو جن کو تم جانتے ہو۔


_____ ، _____ ، _____ ، _____

_____ ، _____ ، _____ ، _____

_____ ، _____ ، _____ ، _____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

گا جر: تمہاری فہرست کے غذائی اشیاء کی تقسیم کرو اور دی ہوئی خالی جگہ میں لکھو۔



توانائی فراہم کرنے والے غذائی اجزا
.1 _____
.2 _____
.3 _____
.4 _____
.5 _____



نشوونما کے لئے مددگار غذائی اشیاء
.1 _____
.2 _____
.3 _____
.4 _____
.5 _____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

گاجر: زیبا ! کیا تم جانتی ہو کہ غذا میں تغذئی اجزاء پائے جاتے ہیں؟ یہ ہمیں توانائی فراہم کرتے ہیں، نشوونما میں مدد کرتے ہیں اور صحت کی حفاظت کرتے ہیں۔

زیبا: مجھے معلوم نہیں۔

گاجر: یہ تغذئی اجزاء ہیں: 1) کاربوہائیڈریٹس 2) پروٹین 3) لپڈس یا چربیاں 4) معدنی نمک 5) حیاتین





ان غذائی اشیاء میں کونسے تغذئی اجزاء پائے جاتے ہیں؟
اپنے دوستوں سے معلوم کرو۔



مَیں راگی ہوں میرا اہم تغذئی جُز کاربوہایڈریٹس ہے میں جسم کوتوانائی فراہم کرتی ہوں۔

یہاں کاربوہائیڈریٹس رکھنے والی اشیاء کو پہچانو۔ یہ سب میرے دوست ہیں۔ان تصویروں پرغورکرو۔



















کاربوہائیڈریٹس کی قلّت سے جسم میں کمزوری ہوتی ہے۔

زیبا! یہاں دیکھو! میں دال ہوں۔میں زیادہ پروٹین رکھتی ہوں۔
میں تمہارے جسم کی نشوونما کرتی ہوں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

میرے دیگر دوستوں کو دیکھو، انہیں پہچانو اور ان کے نام لکھو۔



_____، _____، _____، _____، _____،

دال دانوں کے علاوہ پروٹین کئی غذائی اشیاء میں پایا جاتا ہے۔ ان تصاویر پر غور کرو اور ان کے نام لکھو۔



_____، _____، _____، _____،



گاجر: زیبا یہاں دیکھو! مکھن ہے۔ اس میں زیادہ چربی کی مقدار ہے۔ مونگ پھلی کا تیل، ناریل کا تیل، گھی اور مکھن میں زیادہ چربی کی مقدار ہوتی ہے۔



زیبا: چربی کا استعمال کس طرح کیا جانا چاہیئے؟

گاجر: اس کی کم مقدار کافی ہے۔ چربیاں، کاربوہائیڈریٹس سے زیادہ توانائی فراہم کرتے ہیں۔

زیبا: ایسا کیا؟

گاجر: کیا تم مختلف ترکاریاں اور پھل کھاتے ہو؟

زیبا: ہاں میں کھاتی ہوں لیکن مجھے سبزیاں پسند نہیں۔

گاجر: زیبا، تمہیں تمام قسم کی ترکاریاں، سبزیاں اور پھل کھانے چاہیئے۔ کیونکہ ان میں معدنی نمک اور حیاتین کثیر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ یہ تمہیں بیماریوں سے بچا کر تندرستی قائم رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

زیبا: مَیں چار اہم حیاتین کو جانتی ہوں۔

گاجر: ان کو حیاتین A,B,C اور D کہتے ہیں۔

نیچے دئے ہوئے جدول کو دیکھو۔

حیاتین	غذائی اشیاء	استعمال
	سبز اور زرد ترکاریاں، پھل پتے دار سبزیاں، گاجر، مکھن، گھی، دودھ اور انڈہ	جلد، دانت اور آنکھوں کی بینائی کی حفاظت
	گیہوں، راگی، ماش کی دال سبزیاں، اپجنے والے بیج	جلد، دل اور ہاضمی نظام کی حفاظت
	نارنگی، لیموں، ٹماٹر، کچّی ترکاریاں، انانس، اپجنے والے بیج	دانتوں اور مسوڑوں کی حفاظت
	مچھلی کا تیل، سورج کی روشنی جلد پر پڑنے سے حیاتین۔D تیار ہوتا ہے۔	ہڈیاں اور دانتوں کی حفاظت

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

زیبا: ان غذائی اشیاء کو نہ کھائیں تو کیا ہوگا؟

گاجر: اس چارٹ کو دیکھو اور کہو۔

حیاتین	قلت سے پیدا ہونے والی بیماریاں
	شب کوری (دھیمی روشنی میں اشیاء نظر نہیں آتے) کمزور بصارت
	بیری بیری (پیروں میں پانی جمع ہونا، عضلات میں دردِ تنفس اور دل میں رکاوٹ)
	سکروی (مسوڑوں سے خون بہنا، پیروں کا سوجنا)
	ریکٹس (ہڈیوں کی برترتیبی کمانی دار پیر)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

گاجر: کیا تم ہمیشہ مریض بن کر رہنا چاہو گی؟

زیبا: نہیں، تندرست رہنے کے لئے مجھے کیا کھانا چاہیئے؟

گاجر: درج کئے گئے تمام غذائی اشیاء کے علاوہ مولی، پتے دار سبزیاں، پھل، اور اناج بھی کھانا چاہیئے۔ ان میں کثرت سے ریشے دار اشیاء پائے جاتے ہیں اور عمل استخراج میں مدد کرتے ہیں۔

زیبا: کیا یہ تمام غذائی اشیاء ایک ہی وقت کھانا ممکن ہے؟

گاجر: ایسانہیں۔یہ تمام غذائی اشیاء روزانہ ایک صحیح مقدار میں کھانا چاہیئے۔اس سے جسم کو درکار تغذئی اجزاء فراہم ہوجاتے ہیں۔وہ غذا جو ہمارے جسم کو درکار تمام تغذئی اجزاء فراہم کرتی ہے وہ متوازن غذا کہلاتی ہے۔

اس کے علاوہ 4 سے 5 گلاس پانی روزانہ پینا چاہیئے۔

زیبا: متوازن غذا کیسے ہوتی ہے؟

گاجر: اس چارٹ کو دیکھو اور اس کے متعلق جانو۔



پانی	100 میں 75 حصہ
کاربوہائیڈریٹ	100 میں 14 حصہ
پروٹین	100 میں 5 حصہ
لپڈس	100 میں 4 حصہ
حیاتین اور معدنی نمک	100 میں 2 حصہ

معدنی

گاؤ اور خوشی مناؤ

اناج ، گنے میں کاربوہائیڈریٹ کا جُز
تیل اور گھی میں لپڈس کا جُز
دانے ، دودھ میں پروٹین کا جُز
ترکاری ، پھل میں حیاتین کا جُز
تمام میں معدنی نمکیات
یہ تمام چاہیئے کھانے میں
ہر دن ضروری مقدار میں

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کھیل کھیلو:

خالی کھریا کے ڈبّے لو۔ان پر رنگین کاغذ لگا کر سجاؤ۔ان پر تغذائی اجزاء کے نام لکھو۔

ڈرائنگ کا غذ لو،اس پر دائرے کھینچو اور دائروی شکل میں کاٹو۔ان دائروں پر غذائی اشیاء کا نام لکھو یا غذائی اشیاء کی تصاویر لگاؤ۔

معلّم کی مدد سے غذائی اشیاء کے نام یا تصاویر متعلقہ ڈبّوں میں ڈالو۔تمام دائرہ نما کاغذ کے ٹکڑوں کو ملاؤ اور ڈبوں سے دور رکھو۔تمہارے ہر ایک دوست کو بلاؤ اور دائرہ نما کاغذ کے ٹکڑوں کو متعلقہ ڈبوں میں ڈالنے کے لئے کہو۔

آخر میں گنتی کرو کہ کونسے ڈبّے میں زیادہ تعداد کے دائرہ نما کاغذ کے ٹکڑے موجود ہیں۔

زیبا: کیا ہماری طرح حیوانات اور پرندوں کو غذا کی ضرورت ہے؟

گاجر: ہاں ! انہیں بھی ہماری طرح غذا کی ضرورت ہے۔


عدد شمار	حیوانات کے نام	کھائی جانے والی غذا
1	شیر	
2	شاہین	
3	ہرن	
4	ہاتھی	
5	پتنگے	
6	تتلی	
7	مچھر	
8	گائے	
9	کتا	
10	چوہا	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


زیبا: حیوانات اپنی غذا کیسے کھاتے ہیں؟

گاجر: غور کرو کہ جانور اپنی چونچ، دانت اور سونڈھ کے ذریعے غذا کیسے کھاتے ہیں۔











تصویر کو دیکھ کر خالی جگہ پُر کرو۔

©KTB NOT TO BE REPUBLISHED

1. شیر اپنے _____ کی مدد سے گوشت چیرتا پھاڑتا ہے۔

2. شاہین اپنی غذا پکڑنے کے لئے _____ دار پیر رکھتا ہے۔

3. ہاتھی اپنی _____ کی مدد سے پتے کھاتا ہے۔

4. بگلا اپنی _____ پکڑنے کے لئے لمبی چونچ رکھتا ہے۔


5. تتلی پھولوں سے _____ چوسنے کے لئے ایک لمبی نالی رکھتی ہے۔

چونچ، پنجے، اور دانتوں کی مدد سے حیوانات کس طرح غذا کھاتے ہیں؟ لکھو۔

عدد شمار	حیوانات کا نام	غذا	مددگار عضو	یہ کیسے مدد کرتا ہے
.1				
.2				
.3				
.4				
.5				

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

زیبا: حیوانات کا غذا کھانے کا طریقہ نرالا ہے۔ مجھے دوبارہ بھوک لگی ہے۔ میں حلوہ کھا کر واپس آونگی۔ زیبا، باورچی خانے میں داخل ہوتی ہے اس نے دیکھا کے جھینگر حلوہ کھا رہے ہیں۔ وہ چیختی ہے۔



گاجر: زیبا! کیا ہوا؟

زیبا: جھینگر حلوہ کھا رہے ہیں۔ انہیں دور بھگاؤ۔ مجھے بھی حلوہ کھانا ہے۔

گاجر: نہیں زیبا، وہ حلوہ مت کھاؤ۔ جب کبھی حیوانات غذا کو مس کرتے ہیں تو وہ غذائی اشیاء آلودہ ہو جاتی ہیں۔ ہمیں ایسی غذائی اشیاء نہیں کھانی چاہیئے۔

زیبا: اگر ایسی غذا کھاؤں تو کیا ہوگا؟

گاجر: یہ خبر پڑھو!

آلودہ غذا کھانے سے بچّے بیمار ہو گئے:

ایک میلے میں کھلی غذا کھانے سے بچّے بیمار ہو گئے۔ اس کی وجہ آلودہ غذا ہے۔ مکھیوں اور جھینگر سے آلودہ کی ہوئی غذا کھانے سے بچّوں کو دست اور قے ہونے لگے۔ انہیں اسپتال میں داخل کیا گیا۔ ان میں چار بچوں کی حالت نازک بتائی گئی ہے۔ انہیں مزید علاج کے لئے شہر کے اسپتال کو منتقل کیا گیا ہے۔

زیبا: کتنے افسوس کی بات ہے!

گاجر: آؤ میں تمہیں میلے کی سیر کراتا ہوں۔ یہ حلوائی کی دکان کو دیکھو! یہاں مٹھائیاں کھلی رکھی ہیں۔



زیبا: مکھیاں تو کوڑا کرکٹ پر بیٹھتی ہیں! وہاں سے اڑ کر مٹھائیوں پر بھی بیٹھتی ہیں۔

گاجر: ایسی غذا کھانے سے ہیضہ جیسی بیماری ہوتی ہے۔ اس لئے غذائی اشیاء کو برتن سے ڈھانپ کر رکھنا چاہیئے۔ پکوان اور پینے کے لئے استعمال کئے جانے والے برتن کو بھی ڈھکنا چاہیئے۔ پانی کی آلودہ ہونے کو روکنے کے لئے احتیاط برتنا چاہیئے۔ کھانے سے پہلے ہاتھوں کو اچھی طرح دھو لینا چاہیئے۔

زیبا: ہاں میں سمجھ گئی۔

گاجر: باسی غذا کھانا نہیں چاہیئے۔ ترکاری اور پھلوں کو دھو کر کھانا چاہیئے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پھلوں کو صرف کھانے سے پہلے ہی کاٹنا چاہیئے ۔ترکاریوں کو زیادہ نہیں پکانا چاہیئے ۔زیادہ پکانے سے ان میں کے تغذائی اجزاء تباہ ہوجاتے ہیں۔ابالی گئی غذا نرم اور آسانی سے ہضم ہوتی ہے۔ ان میں موجودہ جراثیم ہلاک ہوجاتے ہیں۔گرم کھانا کھاو۔زیادہ چربدار، مسالے دار اور تلی ہوئی غذا مت کھاؤ۔

زیبا: میں ان تمام باتوں پر عمل کروں گی۔انشاءاللہ !

گاجر: جھینگر کھایا ہوا حلوہ پھینک دو۔

زیبا: ہاں میں ایسا ہی کروں گی۔زیبا نے روتے ہوئے حلوہ کو پھینک دیا۔روتی ہوئی زیبا کو اس کی ماں نے سمجھایا۔زیبا نے اپنی ماں سے پوچھا کہ اس نے حلوہ کو برتن سے کیوں نہیں ڈھکا۔ماں نے ہنستے ہوئے کہا ''شاید تم نے کوئی خواب دیکھا ہے۔''

اپنے گھر میں غذا کا تحفظ کیسے کروگے؟ بیان کرو۔

NOT TO BE @KTBS REPUBLISHED

I: خالی جگہوں کو پُر کرو۔

1. غذا کے تغذئی اجزاء _____، _____، _____، _____ اور _____، ہیں۔

2. دال دانوں میں پایا جانے والا تغذئی جز _____ ہے۔

3. ہمیں روزانہ کم از کم _____ لیٹر پانی پینا چاہیئے۔

4. شب کوری حیاتین _____ کی کمی سے ہوتی ہے۔

5. نارنگی میں کثرت سے حیاتین _____ ہوتا ہے۔

II: درج ذیل بیانات کے اسباب لکھو۔

1. ہمیں آلودہ غذا نہیں کھانی چاہیئے۔

_____

2. ہمیں متوازن غذا کھانی چاہیئے۔

_____

3. تیار شدہ غذائی اشیاء کو ٹھیک طور پر ڈھکنا چاہیئے۔

_____

4. کاٹ کر رکھے ہوئے پھل نہیں کھانے چاہیئے۔ راستوں پر فروخت کئے جانے والی کھلی غذاؤں سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

_____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III: حیاتین اوران کے افعال کو جوڑ لگاؤ۔

حیاتین A	ہڈیوں اور دانت کی حفاظت
حیاتین B	جلد اور آنکھوں کی بینائی کی حفاظت
حیاتین C	دل اور ہاضمی نظام کی حفاظت
حیاتین D	دانت اور مسوڑوں کی حفاظت

معلوم کرلیں

☆ سورج کی شعاعیں جسم میں حیاتین D تیار کرنے میں مدد کرتی ہیں۔

☆ ایوڈن کی قلّت سے گوائٹر کی بیماری ہوتی ہے۔

☆ چاول، گیہوں، جوار اور راگی اہم غذائی اجناس ہیں۔

☆ جراثیم غذا کو باسی یا برباد کرتے ہیں۔ ایسی غذا کھانے سے معدہ اور آنتوں کی بیماریاں ہوتی ہیں۔ بعض اوقات بیماری کی شدت سے موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔

☆ گھروں میں کھانے کی اشیاء کو نمک کے ساتھ ملا کر اُبالا جاتا ہے۔ اس طرح اُس کی حفاظت ہوتی ہے۔ بازار میں مختلف طریقوں سے غذائی اشیاء کو پاک وصاف اور محفوظ کیا جاتا ہے مثلاً ٹھنڈے مشروبات بریڈ، پھلوں کا رس، جام وغیرہ۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:9

غذائی عادات

Y5Z8L7

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- ہمیں غذا کہاں اور کیسے حاصل ہوتی ہے؟ بیان کرسکو گے۔
- اجتماعی طعام کے حالات کی شناخت کرو گے۔ یہاں عمل کئے جانے والے احتیاط بتلاسکو گے۔
- غذائی اور تہذیبی اختلافات کی تعریف کرو گے۔
- ود کے اور پڑوسی اضلاع کے غذائی اور تہذیبی اختلافات کو جانو گے۔


© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



غذا کے تعلق سے زیبا کے ساتھ ہوئی بحث کو تم سمجھ گئے ہوں گے۔ کیا تم نے کبھی سوچا ہے کہ غذا کہاں اور کیسے مہیا ہوتی ہے؟

اگلے صفحہ پر دی گئی تصاویر پر غور کرو۔ یہاں غذا کی تیاری کے طریقے ظاہر کئے گئے ہیں۔ انہیں صحیح ترتیب سے پہچانو۔

صحیح ترتیب کو ظاہر کرنے کے لئے اعداد و شمار لکھو۔ دی ہوئی خالی جگہ میں ہر ایک تصویر کے متعلق ایک جملہ لکھو۔











@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED











@KTBS
NOT TO BE REPUBLISH

تمہارے گھر میں استعمال کی جانے والے 10 غذائی اشیاء کی فہرست بناؤ۔ انہیں تم کہاں سے حاصل کرتے ہو لکھو۔

عدد شمار	غذائی شئے	کہاں سے حاصل ہوتی ہے
.1		
.2		
.3		
.4		
.5		
.6		
.7		
.8		
.9		
.10		

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

تمہارے گھر میں روزانہ اور تہواروں پر پکائے جانے والی غذائی اشیاء کے نام لکھو۔

روزانہ پکائی جانے والی غذا	تہواروں کے موقع پر پکائی جانے والی غذا

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

کیا تمہارے گھر میں تمام تہواروں پر ایک ہی طرح کے پکوان تیار کئے جاتے ہیں؟ مختلف تہواروں میں تیار کئے جانے والے پکوانوں کے نام لکھو۔


عدد شمار	تہوار کا نام	پکائے جانے والے غذائی اشیاء
.1	_____	_____
.2	_____	_____
.3	_____	_____
.4	_____	_____
.5	_____	_____



تمہاری فہرست کو تمہارے دوستوں کی فہرست سے موازنہ کرو۔ تمہارے اور تمہارے دوستوں کے گھروں میں تیار کئے جانے والے خصوصی پکوان کا موازنہ کرو۔ تمہارے مشاہدات کو یہاں لکھو۔

_____

_____



کیا تم نے کبھی میلے اور عرس میں کھانا کھایا ہے؟

چلو! ہمارے گاؤں کے میلے کو جائیں۔ وہاں دیکھو ! لوگ مل جل کر جلوس میں جا رہے ہیں۔ ڈھول بجنے کی آواز سنائی دے رہی ہے۔ مختلف فنکار شیر کے نقاب پہنے رقص کر رہے ہیں۔ وہ لوگوں کا دل بہلا رہے ہیں۔ میلے میں شریک ہونے والے تمام لوگوں کے لئے کھانے کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس کو اجتماعی دعوت کہتے ہیں۔ گاؤں کے لوگوں نے اس تقریب کے لئے رقم، اناج، لکڑیاں وغیرہ کا عطیہ دیا ہے۔ مختلف قسم کی مٹھائیاں بنائی گئی ہیں۔ چلو ہم بھی کھانا کھائیں گے۔ چند افراد کھانے کے پتوں کو نکال کر صاف کر رہے ہیں۔ چلو ہم بھی شریک ہو جائیں۔

@KSEBSE TO BE REPUBLISHED



میلے میں شریک لوگ خوشی سے واپس لوٹ رہے ہیں۔
انہیں اس تقریب سے اطمینان حاصل ہوا ہے۔



تم نے بھی شاید اجتماعی دعوت میں حصہ لیا ہوگا؟ ایسے موقع کونسے ہیں؟ جس اجتماعی دعوت میں تم شریک تھے اُسے یہاں بیان کرو۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

کسی میلے میں شریک ہونے کے بعد جن تجربوں کا تمہیں احساس ہوا ہے انہیں تفصیل سے لکھو۔

اجتماعی دعوت میں عمل کئے جانے والے چند احتیاطی تدابیر کی فہرست یہاں دی گئی ہے۔



معلوم کرلیں:

- پکانے کی جگہ صاف اور کیڑے مکوڑوں سے پاک ہونی چاہیے۔
- پکوان میں استعمال ہونے والی اشیاء جیسے برتن وغیرہ صاف ہونے چاہے۔
- کھانا پکانے اور سربراہی کرنے والے لوگوں کو پاک وصاف رہنا چاہیے۔
- ان کے ناخن تراشے ہوئے بال کٹے ہوئے اور کپڑے پاک وصاف ہونے چاہئیے۔
- کھانے کی جگہ دھول، جراثیم اور کیڑوں سے پاک ہونی چاہیئے۔ تیار شدہ غذا میں جراثیم اور کیڑے وغیرہ نہ ہوں۔
- پینے کے لئے خالص پانی مہیا کرنا چاہیئے۔
- پکوان کی جگہ ہوادار اور روشن ہونی چاہیئے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

تمہارے اسکول میں دوپہر کا کھانا ایک اجتماعی دعوت ہے۔ اجتماعی دعوت کھانے کے دوران کونسے احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا لازمی ہے۔ لکھو۔

کیا تم جانتے ہو کہ مختلف علاقوں میں رہنے والے لوگ مختلف غذائی عادات رکھتے ہیں۔

مثلاً بلگاوی اور بیدر جسے شمالی اضلاع کے لوگ جوار سے تیار کی جانے والی غذا زیادہ کھاتے ہیں۔اسی طرح منگلور واوراڈپی جیسے ساحلی اضلاع میں مچھلی کا پکوان خاص ہے۔منڈیا اور میسورو جیسے میدانی اضلاع میں راگی اور چاول کا استعمال زیادہ ہوتا ہے۔



معلوم کرلیں:

غذائی عادت ان مقامات میں پائے جانے والی غذائی اشیاء پر منحصر ہے۔لوگ اپنی روایت، مقامیت یا خاندان کے لحاظ کی بنیاد پر غذائی عادات کو اپناتے ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تمہارے ضلع میں تیار کئے جانے والے خصوصی پکوان کے نام لکھو۔

_____

_____

_____

کیا تم نے دیگر اضلاع کے غذائی عادات پر کبھی غور کیا ہے؟ وہاں کے پکوان کے ذائقوں کا مزہ لیا ہے؟ تمہارے تجربات اس فہرست میں لکھو۔

معلوم کرلیں:

- ایک اژدھا بغیر غذا کے ایک سال تک زندہ رہ سکتا ہے۔
- تمہاری غذا کا اکثر حصہ جسم کو گرم رکھنے کے لئے صرف ہوتا ہے۔
- کھانے سے پہلے پھلوں کا استعمال بہتر ہے۔اس سے پھل میں پائے جانے والے تغذئی اجزاء اچھی طرح ہضم ہوکر خون میں شامل ہوتے ہیں۔
- ترکاریاں پکا کر کھانے کے بجائے کچی یا نصف پکائی ہوئی کھانا بہتر ہے۔
- زیادہ پکانے سے ترکاریوں کے تغذئی اجزاء ضائع ہوتے ہیں۔
- 278 قبل مسیح سے ہی مصر میں مولی کی کاشت ہوتی تھی۔تعجب کی بات یہ ہے کہ اس مولی کا رنگ سیاہ تھا۔
- ہمیں متوازن غذا کھانا چاہیئے ۔غیر متوازن غذا کھانے سے صحت بگڑ سکتی ہے۔
- چاول کی بیرونی پرت میں حیاتین B کثرت سے ہوتی ہے۔ چاول کو زیادہ پالیش کرنے سے حیاتین B ضائع ہوتی ہے۔
- ایک سیب میں پائے جانے والے تغذئی اجزاء 2 کیلوں کے برابر ہوتے ہے۔



☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

U2H5A7

سبق:10

رہائش اور اس کے اقسام

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- گھروں کی تعمیر میں ہو رہی تبدیلیوں کو پہچانو گے۔
- دیہاتوں اور شہروں کے گھروں کے درمیان فرق کو جانو گے۔
- کثیر منزلہ عمارتوں اور شہری جھونپڑیوں سے متعلق جانو گے۔
- حیوانات کی رہائش گاہیں، ان کی قسمیں اور ان کے مقامات سے متعلق جانو گے۔
- پرندوں اور حیوانات کی رہائش گاہ کی بناوٹ اور ان کے بنانے میں استعمال ہونے والی اشیاء کی پہچان کرو گے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

گھر کی ضروریات، اس کی تعمیر میں استعمال کی جانے والی اشیاء اور ان کی تعمیر کرنے کے طریقے تمہیں معلوم ہیں۔ اب ہم ہماری ریاست میں تعمیر کردہ مختلف عمارتوں سے متعلق جانکاری حاصل کریں گے۔

تعلیمی شعبہ کی جانب سے دھارواڑ میں ایک کیمپ منعقد کی گئی ہے۔ اس میں شرکت کیلئے ریاست کے مختلف علاقوں سے طلباء آئے ہوئے ہیں اور وہ اپنے علاقوں کے گھروں سے متعلق بحث ومباحثہ کر رہے ہیں۔ چلو وہاں چلیں۔ وہاں پر تمام بچے بیٹھے ہوئے ہیں۔ ایک دوسرے کے ساتھ بات کر رہے ہیں۔ ہم بھی بیٹھ کر سنیں۔



میں رقعیہ ہوں۔ میں کلبرگی ضلع جیورگی تعلق سے آئی ہوں۔ وہاں پر گرمی زیادہ اور برسات بہت کم ہوتی ہے۔ وہاں پر گھروں کی تعمیر شاہ آباد کے پتھر یا پتھر کی سِلوں سے کی جاتی ہے۔ چھت کیلئے بڑی شہتیروں پر چھوٹی شہتیروں کو رکھ کر ان پر کیچڑ ڈالا جاتا ہے۔ بعض جگہوں پر شاہ آباد کی سلوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔



گھروں کی تعمیر میں جیورگی کے لوگ پتھر کی سلوں کا استعمال کس لئے کرتے ہیں؟ اپنے ہم جماعتوں اور اساتذہ کے ساتھ بحث کر کے لکھو۔

گھر کی چھت کیلئے سوکھے چارے (گھاس) کا استعمال کیا جاتا ہے کیوں؟ اپنے ہم جماعتوں اور اساتذہ کے ساتھ بحث کر کے لکھو۔




میرا نام عابد ہے۔ میں چکمگلور ضلع کپّا سے آیا ہوں۔ ہمارے یہاں بارش بہت زیادہ ہوتی ہے۔ یہاں کے لوگ دیوار کی تعمیر کے لئے اینٹ اور کیچڑ کا استعمال کرتے ہیں۔ چھت کے لئے گھاس کا استعمال کرتے ہیں۔ اور چھت ڈھلوان ہوتی ہیں۔ ہر سال اس پر نئی گھاس ڈالتے ہیں 4 سے 5 سال میں ایک مرتبہ مکمل طور گھاس کو بدل دیا جاتا ہے۔





چند لوگ دیواروں کی تعمیر پر سخت سرخ اینٹ کا استعمال کرتے ہیں۔ کھپریل کا استعمال کر کے چھتوں کو ڈھلوان کرتے ہیں۔





چکمگلور اور دیگر بارش ہونے والے علاقوں میں گھروں کی چھتوں کو ڈھلوان رکھا جاتا ہے۔ کیوں؟ سوچ کر اگلے صفحہ پر لکھو۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

چھت کے لئے گھاس کے استعمال سے کیا فائدہ ہے؟ اپنے ساتھیوں کے ساتھ بحث کر کے جواب لکھو۔

میں حسینہ بنگلور کی رہنے والی ہوں۔ آج کل یہاں لوگ گھروں کے اوپر گھر تعمیر کر رہے ہیں۔ انکو کثیر منزلہ عمارتیں کہتے ہیں۔ جلی ہوئی اینٹوں یا سیمنٹ سے بنائی ہوئی اینٹوں اور لوہے کی سلاخوں کا استعمال کر کے گھروں کی تعمیر کرتے ہیں۔ فرش کے لئے رنگین ٹائل استعمال کی جاتی ہیں۔ اوپر چڑھنے کے لئے سیڑھیوں کے ساتھ لفٹ کی بھی سہولت ہوتی ہے۔ اسطرح کی کثیر منزلہ عمارتوں کی تعمیر کے لئے کرین، مکسر جیسی بڑی بڑی مشینوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ ہمہ منزلہ عمارتوں کے فائدے کیا ہیں؟







© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کثیر منزلہ عمارتوں کی خامیاں کیا ہیں؟ گروہوں میں بحث کرو۔ اپنے تاثرات کو لکھو۔



میں زاہد ہوں۔ میں بھی بنگلورو کا ہی رہنے والا ہوں۔ میرا گھر ایک جھونپڑ پٹی میں ہے۔ یہاں کے تمام گھر بہت ہی چھوٹے ہیں۔ یہاں کے گھروں کو اینٹ، ناریل کے پتے اور ٹن کے پتلے ورقوں کے استعمال سے تعمیر کیا گیا ہے۔ چھت کے لئے ناریل پتوں یا ٹن کے پتلے ورقوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ چند لوگ کھپریل کا بھی استعمال کر کے چھت بناتے ہیں۔ زمین دوز نالوں کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے کپڑوں کی دھلوائی کا پانی، برتن کی دھلوائی کا پانی، نہایا ہوا پانی گھروں کے سامنے ٹھہر جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے مچھّروں کا قطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔ ایک چھوٹی سے جگہ پر سینکڑوں گھر ایک دوسرے سے لگے رہتے ہیں۔ ان گھروں کو ہوا اور روشنی ٹھیک طریقے سے مہیا نہیں ہو پاتی ہے۔ یہاں پر بسنے والے لوگ گھروں کے اطراف کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے بجائے گھروں کا کوڑا بھی وہیں پر ڈال دیتے ہیں۔ یہاں پر کوڑے کا ڈھیر بن جاتا ہے۔ مکھیّاں، کیڑے مکوڑے اور بیماری پھیلانے والے جراثیم خطرناک بیماریاں پھیلاتے ہیں۔



کیا تم نے ایسی آلودہ جگہوں کو دیکھا ہے؟ آلودہ جگہوں میں کس طرح کی تبدیلیاں لائی جا سکتی ہیں۔؟

کیا تم جانتے ہو کہ اُن علاقوں میں جو گھر تعمیر کئے جاتے ہیں وہ وہاں کی مقامی اور آب و ہوائی حالات پر منحصر ہوتے ہیں۔

© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED



آؤاب ہم وینکجی کی کہی ہوئی کہانی سنیں۔

عرصۂ دراز سے وینکجی دیہات میں رہتی تھیں۔وہ اپنے پوتے کے گھر آئیں جو بنگلورو کی ایک کثیر منزلہ عمارت میں رہتا تھا۔وہاں کی چکا، چوند دیکھ کر وہ حیران رہ گئیں صوفے پر بیٹھ کر آرام کرتے ہوئے اپنے بچپن کو یاد کرنے لگیں۔

بچپن میں اپنی تین بہنوں، دو بھائیوں اور والدین کے ساتھ ایک چھونپڑی میں زندگی بسر کرتی تھی۔



جب بھی بارش ہوتی تو چھونپڑی کی چھت سے پانی ٹپکتا تھا۔جب دھوپ ہوتی تو وہ پتیاں سوکھ کر ان میں سوراخ دکھائی دیتے تھے۔ایک دن چھونپڑی آگ کی نذر ہوگئی۔چھونپڑی کے جلنے کے بعد میرے والدین نے ایک گھر کی تعمیر کرنے کے بارے میں فیصلہ کیا۔انہوں نے دوسروں کی مدد لیتے ہوئے مٹی کی دیوار تعمیر کی۔



پاس والے جنگل سے والد صاحب نے بانس کے بڑے بڑے بمبو لائے امّی اور بھائی، بہنوں نے بھی بانس کے چھوٹے چھوٹے بمبو لائے۔ان کو مٹی کی دیوار پر اچھی طرح سے جوڑ کر اس پر مٹی کو پھیلا دیا۔اسکے بعد ہم نے گوبر اکٹھا کیا۔والدہ نے اس گوبر کو زمین اور اندرونی دیواروں پر لگایا۔آنگن کو رنگولی سے سجا کر گھر میں داخل ہوئے۔



وقت گذرا، حالات بدلے ورا یک دن میری شادی ہوگئی۔اپنے شوہر کے گھر آئی، وہ گھر ہمارے گھر سے عمدہ تھا۔اسکی دیواریں اینٹوں سے بنی تھیں۔اوران پر رنگ لگایا گیا تھا۔چھت پر منگلورو کی کھپریل کا استعمال کیا گیا تھا۔فرش پر کالے پتھر کی سلوں کو بچھایا گیا تھا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



دروازے لکڑی کے بنے تھے جن پر خوبصورت نقش ونگاری کی گئی تھی۔ بڑی بڑی کھڑکیاں ہونے کی وجہ سے گھر میں ہوا اور روشنی تھی۔ پڑوس کے گھر بھی اسی طرح تعمیر کئے گئے تھے لیکن چھت کے لئے سلوں کا استعمال کیا گیا تھا۔ سیمنٹ سے فرش بنائی گئی تھی جو کافی ہموار اور نفیس تھی۔

مجھے مٹی یا گوبر کا لیپ زمین پر لگانے کی کبھی ضرورت نہیں ہوئی۔ پانی سے ہی زمین کا پوچھا لگانا کافی تھا۔ اپنے پوتے کی دی ہوئی چائے کی چسکیاں لیتے ہوئے وینکجی کو اپنی بیٹی کے گھر کی یاد آئی۔ سیمنٹ کا استعمال کر کے بنائی ہوئی چھت ہموار بچھی ہوئی ٹائلس کے ساتھ تمام سہولیات کا گھر بڑا خوبصورت تھا۔

وینکجی اب اپنے پوتے کا گھر دیکھ رہی ہیں۔ 15 سے 20 کثیر منزلہ عمارت میں کم از کم 500 سے زیادہ گھر تھے۔ اوپر کی منزلوں پر جانے کے لئے لفٹ کا بھی انتظام تھا۔ ان عمارتوں کو تعمیر کرنے کے لئے کئی مشینوں کا استعمال کیا گیا تھا۔ گھر میں 3 کمرے تھے۔ کھانا کھانے کا کمرہ اور ایک بڑا کمرہ بہت اچھے تھے۔ پھر دوسرے گھر بھی دیا سلائی کی ڈبوں کی طرح قریب تھے۔ ہوا اور روشنی کے لئے تھوڑی تکلف تھی۔ ساز وساماں کو ایک طرف سلیقے سے جوڑنے کیلئے الماریاں بنائی گئی تھیں۔ کھڑکیوں اور دروازوں کے لئے لکڑی کی بجائے فولاد اور پلاسٹک کا استعمال کیا گیا تھا۔



جھونپڑی سے لے کر کثیر منزلہ عمارت کی تعمیر میں تبدیلیاں دیکھ کر وینکجی حیران رہ گئی۔

اس کہانی سے تم نے کیا سیکھا؟ اپنے الفاظ میں لکھو۔

_____

_____

_____

وینکجی کی کہانی میں بیان کی گئی پانچ عمارتیں کونسی ہیں؟ لکھو۔

_____ ، _____ ، _____ ، _____ ، _____

NOT TO BE REPUBLISHED © KSCERT

تمہارے مقامی علاقے کے گھروں کی تعمیرات میں کیا تبدیلیاں آئی ہیں۔اپنے بڑوں سے پوچھ کر لکھو۔

گھروں کی تعمیرات کے لئے استعمال کی جانے والی اشیاء میں بھی تبدیلی ہو رہی ہے۔جھونپڑی سے لے کر کثیر منزلہ عمارت کی تعمیر کے لئے استعمال کی جانے والی اشیاء کے نام لکھو۔










@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ان اشیاء کی قیمتوں کو جان کر لکھو
1. ایک تھیلی سیمنٹ
2. ایک اینٹ
3. ایک لاری ریت
4. ایک ٹن لوہا۔

آج	ایک سال پہلے

گھر کی تعمیر کے لئے استعمال ہونے والی لکڑی کی قسموں کو جانیئے۔

ذیل میں گھر کے تعمیر کے دوران استعمال ہونے والی اشیاء کی تصاویر دی گئی ہے۔تمہارے گھر کی تعمیر میں استعمال کی گئی چیزوں پر (P) کا نشان لگاؤ۔



گھروں کی تعمیر میں کئی تبدیلیاں آئی ہیں۔کیا پرندوں اور حیوانات کی رہائش میں کوئی تبدیلی ہے؟ غور کرو۔

کیا تم نے درجہ ذیل جانوروں اور پرندوں کی رہائش گاہوں پر غور کیا ہے؟ درج ذیل جدول میں ان جانوروں اور پرندوں کے رہائش گاہوں کے نام اور اس کی تعمیر میں استعمال ہونے والے چیزوں کے نام لکھو۔

عدد شمار	جانوروں کے نام	انکی رہائش	اگر جانور خود اپنی رہائش بناتے ہیں
1	چڑیا		
2	دیمک		
3	بیّا		
4	طوطا		
5	شیر		
6	مچھلی		
7	ہُدہُد		
8	کوّا		
9	مینڈک		
10	چوہا		
11	شہد کی مکھی		
12	سانپ		



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جانوروں کی رہائش گاہوں کی بھی کئی قسمیں ہیں۔ وہ اپنی رہائش گاہ بنانے کے لئے مختلف قسم کی اشیاء کا استعمال کرتے ہیں۔

خود کرو۔

دستی کاغذ، گھاس، سوکھے پتے وغیرہ استعمال کرتے ہوئے جانوروں کی رہائش گاہ بنانے کی کوشش کرو۔ آسانی سے دستیاب ہونے والی دیا سیلائی کی ڈبیا، دستی کاغذ، مٹی، اینٹ وغیرہ اشیاء کا استعمال کرتے ہوئے ایک گھر تعمیر کرو۔

معلوم کرلیں

- دوبئی میں موجود برُج خلیفہ دنیا کی سب سے اونچی عمارت ہے۔ جسکی اونچائی 829.2 m ہے (2722 فیٹ)
- ممبئی میں موجود دھاراوی علاقہ ہندوستان کا سب سے بڑا جھونپڑ پٹی والا علاقہ ہے۔ یہاں پر تقریباً 10 لاکھ لوگ بستے ہیں۔ اور یہ ایشیاء کا سب سے بڑا جھونپڑ پٹی علاقہ کہلاتا ہے۔
- آج کل جدید طریقوں سے ماحول کو نقصان نہ پہنچانے والی اشیاء کا استعمال کرتے ہوئے گھر تعمیر کئے جاتے ہیں۔ اس کے لئے باقاعدہ منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔ شمسی قوت سے پانی گرم کرنا، بارش کے پانیوں کو ذخیرہ کرنا اور کوڑے کرکٹ کو دوبارہ استعمال کرنا وغیرہ کے لئے کوشش جاری ہے۔
- چیونٹیوں کے گھر 650 ایکٹر سے بھی زیادہ علاقے میں پھیلے ہونے کے کئی ثبوت ہیں۔ انہیں عظیم ٹیلے کہتے ہیں۔ ان میں لاکھوں کی تعداد میں چیونٹیاں بستی ہیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Z7K1W1

سبق:11

ناکارہ اشیاء

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- دیہاتی اور شہری ناکارہ اشیاء کے درمیان فرق معلوم کرو گے۔
- کوڑے کو صحیح جگہ پر ڈالنے کے بارے میں جانو گے۔
- کوڑے کرکٹ کو کم کرنے کی مشق کرو گے۔

ایک سہانی صبح ایک خوبصورت ساٹڈّا اُڑتا ہوا کوڑادان پر بیٹھا۔ کوڑادان نے اسے اپنے پریشانی بتانی شروع کی۔





@KSEBS NOT TO BE REPUBLISHED



© CBSE NOT TO BE REPUBLISHED







NOT TO BE REPUBLISHED

یہ انجمن بلدیہ کے لوگ ہیں کوڑا دان میں
موجود کوڑے کو لے جانے کے لئے سواری کے ساتھ آئے ہیں۔
وہ کوڑا دان میں موجود کوڑے کو نکال کر اس جگہ کی پاکی صفائی
کا خیال رکھتے ہیں۔
یہ کوڑے کو گاؤں سے دور لے جانے کا انتظام کرتے ہیں۔
اس تختی کو دیکھو اس پر ہدایات لکھی گئی ہیں کہ کس طرح
کوڑے کو الگ الگ کوڑا دانوں میں
ڈالنا چاہیے۔





خشک کوڑا

پلاسٹک کانچ، لوہے کے ٹکڑے
کپڑے کے ٹکڑے۔ ربڑ وغیرہ۔ ان
سبھی اشیاء کو ردّی والوں کو دے دو۔



نم کوڑا

بچی ہوئی غذا، باورچی خانے کا کوڑا، سڑی
گلی چیزیں، ترکاری کا فصول مادّہ۔
سوکھے کاغذ کے ٹکڑے وغیرہ۔
ان سبھی کو کھاد میں تبدیل کرو۔

NOT TO BE REPUBLISHED © SCERT TBS



رنگ وروغن، کیڑ مارا ادویات زہریلی کیمیائی اشیاء ٹوٹے ہوئے ٹیوب لائیٹ استعمال کیا ہوا برقی مورچہ وغیرہ۔

ان سبھی اشیاء کو ذمہ داری کے ساتھ بلدیہ کے کوڑا دانوں میں ڈالو۔

ضرر رساں، نقصان دہ کوڑا




زخم پر باندھی ہوئی مرہم پٹی دوا چڑھانے کی سوئیاں اور وبائی آلات ان سبھی کو ایک تھیلے میں باندھ کر بلدیہ کے کوڑے دانوں میں ڈالو۔

آلودہ کوڑا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED





@KTESTOREPUBLISHED





@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


پھل، ترکاریوں
کے چھلکوں کو کھاد کے طور پر
استعمال کر سکتے ہیں۔
ان پلاسٹک کی تھیلوں کو پھینکنے کی
بجائے اسکو سامان لانے
کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔
اس ٹن کے ڈبے کو
پھینکنے کی بجائے صاف کر کے
دوبارہ استعمال
کر سکتے ہیں۔
اس کھاد سے زمین کی
زرخیری میں
اضافہ ہوتا ہے۔
ان خالی بوتلوں
کو فروخت کرنے سے
روپے ملیں گے۔
پرانے خالی کاغذات کو لکھنے
کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ لکھے ہوئے
کاغذات، اخبارات کو ردی والوں
یا دوکان والوں کو دے سکتے ہیں۔




ارے بھائی
کیا اب تم
خوش ہو؟



معلوم کرلیں:

- گھر میں استعمال ہونے والی چیزوں کو کم کرنے سے کوڑے کو کم کیا جا سکتا ہے۔
- استعمال شدہ چیزوں کو پھینکنے کی بجائے دوبارہ استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔
- سڑنے گلنے والی چیزوں سے کھاد تیار کر کے پیڑ پودوں کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔
- پلاسٹک، کانچ، کاغذ کو دوبارہ استعمال کر کے نئی چیزوں کو تیار کیا جا سکتا ہے۔
  اسکو بازگردش (Recycling) کہتے ہیں۔
- استعمال شدہ پانی کو پودوں کے لئے استعمال کرنا چاہیے یا جذب ہونے کے لئے چھوڑ دینا چاہیے۔



میری پریشانی کا جواب مل گیا۔
گھر کے کوڑے کو کیا کرنا چاہیے؟ لوگوں کو کیسے سمجھانا چاہیے؟ مجھے بھی بڑی زور کی بھوک لگی ہے۔
میں تو چلا باغیچہ۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KEBS

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھو۔

1. کوڑا کسے کہتے ہیں؟

2. کوڑا سمجھ کر پھینکی جانے والی پانچ اشیاء کے نام لکھو؟

3. گھر میں جمع شدہ کوڑے کا کیا کرتے ہو؟

4. گھر کے سامنے گندہ پانی ٹھہرنے سے کیا ہوتا ہے؟

5. پچھلے سال کی پُرانی کتابوں کا تم نے کیا کیا؟

6. تمہارے گاؤں کے بلدیہ کا پتہ معلوم کرو۔اور یہاں لکھو۔

7. کوڑے سے ہونے والے فوائد کی فہرست تیار کرو۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

درج ذیل جملوں میں صحیح اور غلط کی نشاندہی کرو غلط بیانات کی تصحیح کرو۔

1) میں جہاں چاہیے کوڑا کرکٹ پھینک دیتا ہوں

---

2) میرے تنگ کپڑے دوسروں کو دے دیتا ہوں

---

3) حسبِ ضرورت پلاسٹک کی تھیلیوں کو اکٹھا کر کے استعمال کرتا ہوں

---

4) استعمال شدہ پلاسٹک کی اشیاء کو اکٹھا کر کے ردی والوں کو دے دیتا ہوں

---

5) زہریلے کوڑے کو کھاد کے کھڈّے میں ڈالتا ہوں

گھر میں کوڑا سمجھ کر پھینکی جانے والی کوئی 5 چیزوں کی فہرست بناؤ۔ وہ کس قسم کے کوڑے سے تعلق رکھتی ہیں اور تم ان کا کیا کرتے ہو۔ جدول میں درج کرو۔

نمبر شمار	کوڑے کا نام	گروہ	اسکا تم کیا کرو گے؟
مثال	ترکاری کے چھلکے	نم کوڑا	کھاد تیار کروں گا
.1			
.2			
.3			
.4			
.5			

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خود کرو:

کونسی اشیاء سڑتی گلتی ہیں؟

ایک بڑی کانچ کی بوتل میں آدھی بوتل مٹی بھرو، اس میں پتے ترکاری اور پھلوں کے چھلکے کاغذ کے ٹکڑے، پلاسٹک اور ربر کے ٹکڑے روئی اور چھوٹی بوتلیں ڈالو۔ اوپر سے تھوڑی مٹی ڈال کر پانی کا چھڑکاؤ کرو۔ ہفتے میں ایک مرتبہ اسکا مشاہدہ کرو اور بوتل میں موجود چیزوں کی الٹ پلٹ کرتے رہو۔ اس مشاہدہ کو 3 سے 4 ہفتوں تک جاری رکھو 4 ہفتوں بعد اس بوتل میں موجود تمام چیزوں کو ایک اخبار کے کاغذ پر نکالو اور غور کرو۔ کہ بوتل میں موجود کونسی چیزیں سڑی ہوئی ہیں۔ اور دیر سے کونسی چیزیں سڑ رہی ہیں ان کی فہرست بناؤ۔

1 اس سرگرمی سے تم نے کیا سیکھا؟

_____

_____

خود کرو:

اپنے گھر کے کوڑے کو اکٹھا کر کے تین دن تک رکھوان میں سڑنے والی اور نہ سڑنے والی چیزوں کو علاحدہ کرو۔ اور انکے حجم پر غور کرو۔

2 آپ کے کوئی دو مشاہدے لکھو۔

_____

_____

مدرسے اور گھر میں الگ کئے ہوئے سڑنے والے کوڑے سے کھاد تیار کرو۔

خود کرو: اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر اسکول کے باغیچے کے ایک کونے میں 1\2 میٹر چوڑا اور 1 میٹر گہرائی والا کھڈا نکالو۔ اسکی نچلی سطح سوکھے پتے۔ چارہ کاغذ کے ٹکڑے وغیرہ ڈالو، اس پر پانی کا چھڑکاؤ کرو۔ اسکے بعد اسی پر پتلی مٹی پھیلاؤ۔ ہر دن اکٹھا ہونے والے کوڑے کو اس کھڈے میں ڈالو مٹی ڈالو اور پانی کا چھڑکاؤ کرو۔ اکثر کوڑے کو الٹتے رہو۔ 3 ہفتوں میں کھاد تیار ہوگی اسکو اپنے مدرسہ کے پودوں کے لئے استعمال کرو اسی طرح اپنے گھر میں بھی کھاد تیار کرو۔ کوڑے کے صحیح استعمال کیلئے اپنے پڑوسیوں کی حوصلہ افزائی کرو۔ کوڑے کو صحیح طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لئے پرچیاں تیار کر کے جگہ جگہ پر مظاہرہ کرو۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خود کرو:

انڈے سے پنگوین



انڈے کے اوپری حصے میں سراخ ڈال کر اندرونی زردی نکال دو۔ چھلکے کو مت پھینکو۔ آنکھ یا کان کی دوائی کی شیشی کا نوکدار ڈھکن نکال کر انڈے کے سراخ پر لگاؤ۔ سراخ والا حصہ الٹ دو۔ رٹ کے ٹکڑوں سے بازوں کی شکل بنا کر کالا رنگ بھرو۔ دوائی کے بوتل کے اندرونی حصے کو کاٹ کر چونچ کی کی طرح استعمال کرو۔ آنکھوں کے لئے دو کالے نقطے لگاؤ۔ تمہارا پنگوین تیار ہے۔ گھر میں خوبصورتی کے لئے استعمال کرو۔

خود سے کرو:

پلاسٹک پیپر سے برسات کی ٹوپی

- پلاسٹک کی تھیلی کترو۔ پلاسٹک پیپر سے سر کا ناپ لو، اس پیپر کو دو حصوں میں برابر موڑو۔
- موڑے ہوئے دونوں حصوں کو سرے کو ملا کر کپڑے کی پٹی پر رکھ کر سلائی کرو۔
- اب سر کو دھوپ، بارش سے بچانے والی ٹوپی تیار ہوگئی۔


اسی طرح پلاسٹک یا ٹن کے ڈبوں کی سجاوٹ سے قلمدان یا پھولدان تیار کرو تمہارے گھر کی سجاوٹ میں استعمال کرو۔

معلوم کرلیں:

- ہمارے ملک میں حاصل ہونے والے ٹھوس کوڑے کو کم از کم 75 سے 80 فیصد تک تبدیل کرتے ہوئے دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔
- کانچ، لوہا اور پلاسٹک کی اشیاء کو بازگردشی کے ذریعہ نئی چیزیں تیار کی جاسکتی ہیں۔
- چند اشیاء کی پیاکنگ میں اس چیز سے بھی قیمتی اشیاء کا استعمال کیا جاتا ہے۔
- ہر سال ان گنت تعداد میں آبی جاندار پلاسٹک کے کوڑے کی وجہ سے موت کا شکار ہورہے ہیں۔
- پھینکا ہوا سوتی کپڑا سڑنے کیلئے ایک ماہ لے گا تو وہیں نائلون کا کپڑا سڑنے کے لئے 500 سے 600 سال لے گا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

یہ تمام اشیاء کب سڑتی گلتی ہیں؟



NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

A7T9A3


سبق:12


نقشہ سیکھو۔ سمت معلوم کرو (رُخ کو پہچانو)

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- مقامی علامتوں کے تحت رخ کی نشاندہی کرنا سیکھو گے۔
- نقشہ کھینچنے کے بنیادی مراحل اور مختلف مقامات ظاہر کرنے والی علامتیں استعمال کرتے ہوئے نقشہ تیار کرو گے۔

نقشہ سے متعلق تو تم جانتے ہو، درج ذیل نقشہ پر غور کرو گاؤں کے درمیان موجود بڑے برگد کے پیڑ کی نشاندہی کرو۔





NCERT BOOKS PUBLISHED

برگد کے پیڑ سے درج ذیل مقامات کس سمت پر ہیں ان کی نشاندہی کرو۔

1. تالاب _____

2. کتب خانہ _____

3. مدرسہ _____

4. ڈاک خانہ _____

5. باغیچہ _____

6. مندر _____

7. مناسب دام کی دُکان _____

8. جانوروں کا دواخانہ _____

9. مسجد _____


10. گرجا گھر _____

11. دواخانہ _____

12. کنواں _____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

درج ذیل تصویر میں تمہارا گھر بنایا گیا ہے۔ گھر کے اطراف والے مقامات کو سمت کے مطابق لکھو۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

مشرق _____ مغرب _____

شمال _____ جنوب _____

شمال مشرق _____ شمال مغرب _____

جنوب مغرب _____ جنوب مشرق _____

تمہارے مدرسہ میں موجود ریاست کرناٹک کے نقشہ پر غور کرو۔ درج ذیل مقامات ریاست کرناٹک کے کس سمت میں ہیں لکھو۔

بحیرۂ عرب _____ آندھرا پردیش _____

مہاراشٹرا _____ کیرلا _____

چوتھی جماعت کی یاسمین نامی طالبہ نے اپنے جماعتی کمرے کا نقشہ بنانا سیکھ لیا ہے۔ اس کے تجربے کو سنو۔

یاسمین: میری معلّمہ نے مجھے جماعتی کمرے کی لمبائی اور چوڑائی کو میرے قدموں کا استعمال کرتے ہوئے ناپنے کے لئے کہا۔ اس طرح ناپنے کے بعد کمرے کی لمبائی میرے قدموں سے بارہ قدم اور چوڑائی 10 قدم ہے۔ معلّمہ نے کہا کہ میرے دو قدم کی لمبائی تقریباً 1 میٹر ہے۔ ہر ایک کے قدموں کے ناپ میں فرق پایا جاتا ہے۔ لہٰذا چند بچّوں کے قدموں کے ناپ کی لمبائی 3/4 میٹر ہوگی۔ تم اپنے قدموں کے ناپ کو جان لو اور اپنے قدموں سے جماعتی کمرے کا ناپ لے کر اس کی نشاندہی کرو۔ میں بتاؤں گی کہ اس ناپ کو صفحہ پر کس طرح لکھا جاتا ہے۔ ہم تصوّر کریں گے کہ تم نے جو کمرہ ناپا ہے۔ اسکی لمبائی 12 قدم اور چوڑائی 10 قدم ہے۔

اسلئے، تمہارے دو قدم کی لمبائی =ایک میٹر

12 قدم = 6 میٹر

10 قدم = 5 میٹر

اسکا مطلب کہ کمرے کی لمبائی = 6 میٹر

کمرے کی چوڑائی = 5 میٹر


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اگر ہم ایک میٹر کے ناپ کو پیمائش پٹی (Scale) کے ایک سنٹی میٹر کے ناپ سے تبدیل کریں تو۔

6 میٹر = 6 سنٹی میٹر


5 میٹر = 5 سنٹی میٹر

سنٹی میٹر کے ناپ کو ایک سفید کاغذ پر درج کرو۔ یہی تمہارے جماعتی کمرے کی پیمائش کا باہری خاکہ ہے۔




NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

اب جماعتی کمرے میں موجود اشیاء کی نشاندہی کرنی ہے۔ جماعتی کمرے میں موجود اشیاء کی ٹھیک طور سے نشاندہی کرنے کے لئے 1 سم کا فاصلہ رکھنے والی لکیریں ڈالو۔



اب ہر ایک مربع کی لمبائی ایسی ہی رہنے دو اور چوڑائی کے لئے الفاظ سے نشاندہی کرو۔ اس سے اشیاء کی شناخت اسکی جگہ کے مطابق کرو۔

ذیل میں ایک مثال ہے۔



درج بالا اشیاء کس مربع میں ہیں؟ اُن کی نشاندہی کرو:۔

اشیاء	چوڑائی	لمبائی
دروازہ	A	1
کھڑکی		
کرسی		
الماری		
میز 1.		
2.		
3.		
4.		
5.		
6.		

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تم بھی یاسمین کی طرح اپنے جماعتی کمرے یا گھر کا نقشہ تیار کرو اور اس کمرے میں موجود اشیاء کی شناخت کرو۔


معلوم کرلیں:


نقشے کے ذریعہ بڑی جگہ کو بھی چھوٹا کر کے ظاہر کیا جا سکتا ہے۔اور نقشہ میں موجود مربع ،اشیاء کی شناخت کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

آؤ ! اب جانیں کہ انور نے ایک راہ گیر کو تحصیلدار کے دفتر کا پتہ کس طرح سمجھایا۔

گاندھی چوک صدر راہ کے درمیان ہے جسکی مشرقی سمت میں جانے پر دائیں طرف پہلے ہوٹل ملے گا۔ اسکے بعد ایک ہاسٹل۔تھوڑا آگے بڑھنے پر ایک ڈاک خانہ اور ایک مدرسہ ملے گا۔مدرسہ کے بعد ہی تحصیلدار کا دفتر ہے جو کہ مدرسہ سے 20 میٹر کی دوری پر ہے۔میں نے اسکے فاصلے کی پیائش اپنے قدموں کے ذریعہ کی ہے۔

مقامی نشانات کا استعمال کرتے ہوئے انور نے گاندھی چوک سے تحصیلدار کے دفتر کا ایک نقشہ تیار کیا ہے۔





مقامی نشانات:

1. چوک	2. ہوٹل	3. ہاسٹل	4. ڈاک خانہ
5. پرائمری ی مدرسہ	6- تحصیلدار کا دفتر	7. ہائی اسکول	8. کھیل کا میدان

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھو۔


1. کس پیمائشی آلہ کی مدد سے نقشہ پر وسیع علاقہ کی نشاندہی کروگے؟

_____

2. اشیاء کی مخصوص جگہ کو نقشے میں کس طرح ظاہر کروگے؟


_____

مربع نما کمرے میں ایک میز اور 4 کرسیوں کو ترتیب دار رکھنا ہے۔ انہیں کمرے کے نقشہ میں ترتیب وار کسطرح رکھوگے؟



اشیاء	مربع	اشیاء	مربع
	A1		_____
	D1		_____
	D4		_____
	A1		_____
			_____


تمہارے گھر سے مدرسہ جانے کے لئے ایک راستہ کا نقشہ تیار کرو۔ رُخ کو ظاہر کرنے کے لئے تم درج ذیل علامات کا استعمال کرسکتے ہو۔



نقشہ تیار ہونے کے بعد اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر اپنے نقشہ کو بدل لو۔ نقشہ کو دیکھ کر اپنے ساتھیوں کے گھر کو جانے کا راستہ، رخ اور علاقائی نشانات کو جان لو۔ راستے کے نقشے کو علاقائی نشانات اور سمت کی مدد سے تیار کرسکتے ہیں۔

© DIETS NOT TO BE REPUBLISHED

اس آسان سے نقشے میں بس کے رخ کو تیر کے نشان کے ساتھ دکھایا گیا ہے۔بس میں سفر کے دوران نظر آنے والے علاقائی نشانات کی فہرست تیار کرو۔



معلوم کرلیں:

- تمام نقشوں پر سنٹی میٹر اور انچ کی پیمائشی اکائیاں ہوتی ہیں۔
- دنیا کا نقشہ ہی زمین کا خاکہ ہے۔
- نقشے کی مدد سے طبعی خصوصیات، راستے اور گنجان آبادی والے علاقوں کو آسانی سے سمجھ سکتے ہو۔
- عرض بلد اور طولِ بلد جیسی فرضی لکیریں نقشے پر چوکھٹے تیار کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔
- نقشوں کے کئی اقسام پائے جاتے ہیں جیسے مٹی کا نقشہ، طبعی نقشہ، آب وہوائی نقشہ، ریل کے راستوں کو نمایاں کرنے کا نقشہ وغیرہ۔
- ایسا مانا جاتا ہے کہ سب سے پہلے مصر کے راجاؤں نے اپنے حکومتی علاقوں کو جاننے کے لئے نقشہ تیار کیا تھا۔اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے زمین کے نقشے کو یونان کے لوگوں نے 540 ق م میں تیار کیا تھا۔

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS